اورینٹل کالج میگزین

نومبر ۱۹۶۴ء

جلد ۴۱ عدد ۱

عدد مسلسل ۱۵۹

ایڈیٹر :

ڈاکٹر سید عبداللہ

★

باہتمام مسٹر احسان الحق ، ہیڈ کلرک ، یونیورسٹی اورینٹل کالج ، لاہور
پرنٹر و پبلشر اورینٹل کالج میگزین ، جدید اُردو ٹائپ پریس ، لاہور
میں طبع ہو کر اورینٹل کالج ، لاہور سے شائع ہوا

سالانہ چندہ : چھ روپے

فہرست مضامین

منشی غلام حسین جوہر بیدری
(دکن)

از

جناب محمد سخاوت مرزا صاحب
بی ۔ اے' ایل ایل ۔ بی

شائع شدہ : یونیورسٹی اوریئنٹل کالج میگزین ، نومبر ۱۹۶۴ع

منشی غلام حسین جوہر بیدری

(دکن)

منشی غلام حسین المتخلص بہ جوہر، محمد آباد[1]، بیدر، قدیم دارالسلطنت بہمنیہ موجودہ علاقہ حیدر آباد دکن کے مشہور فارسی شاعر، ادیب اور مؤرخ تھے، جو اپنی گراں قدر تالیف، تاریخ ماہ نامہ کی وجہ سے مشہور ہیں۔ مگر ان کے تفصیلی حالات اور کارنامے ابھی منظر عام پر نہیں آئے، ہم یہاں ان کے کچھ مختصر و جامع حالات اور تصنیفات پر روشنی ڈالتے ہیں۔

بزمانۂ قیام بیدر شریف، مجھ سے بعض احباب، ان کے حافظہ و ذہانت کے متعلق عجیب قصے بیان کیا کرتے اور مبالغہ سے کام لیتے۔

---

(۱) محمد آباد بیدر دکن کا ایک تاریخی شہر ہے، جو سلاطین بہمنیہ و بریدیہ کا ڈھائی سو سال تک پایۂ تخت رہا۔ کچھ عرصہ تک سلاطین عادل شاہیہ میں شامل رہا، بالآخر عالمگیر نے اس کو ۱۰۶۶ھ میں فتح کیا۔ اس کے بعد آصف جاہی حکومت میں شامل رہا، اور اب علاقہ میسور اور کچھ مہاراشٹر میں شامل ہے۔ یہاں کی قابل دید قدیم عمارتوں میں قلعہ بیدر، مقابر سلطان احمد شاہ بہمنی و علاؤالدین بہمنی، گنبد سلطان علی برید، مدرسہ محمود گاواں وزیر اعظم سلاطین بہمنیہ محمد شاہ بہمنی۔ درگاہوں اور گنبدوں میں خواجہ ابوالفیض من اللہ حسینی، شاہ قطب علی ثانی وغیرہ نبیرگان خواجہ گیسو دراز قدس سرہ۔ شیخ بہاء الدین عارف کی درگاہ نبیرگان غوث اعظم، درگاہ شیخ نور سمنانی، خلیفہ سلسلۂ میر اشرف جہانگیر سمنانی رح شیخ ابراہیم ملتانی خلیفہ شیخ ابراہیم بھکری۔ شیخ محمد ملتانی وغیرہ زیارت گاہ خاص و عام ہیں۔ یہاں کی خاص صنعت بیدری بٹن، حقے، عطردان اور پاندان، جو مرکب سیاہ دھات پر سونے چاندی کی پچی کاری ہوتی ہے، نہایت مشہور ہے، جو اب بھی موجود ہے۔ (ملاحظہ ہو "بیدر" مؤلفہ غلام یزدانی (انگریزی) مرقع سلطانی و تاریخ سلاطین دکن عبدالجبار خان ملکاپوری مطبوعہ)۔

وہ یہ کہ لوگ ان کو اسناد معاش خاندانی دکھلانے کے لیے پس و پیش کیا کرتے تھے، اس لیے کہ ان کا حافظہ بلا کا تھا ۔ ایک مرتبہ کوئی دستاویز پڑھ لیتے، تو اس کی نقل بلا دیکھے کر دیتے یا پڑھ کر سنا دیتے، غرض کہ بڑے ذہین تھے ۔ ان کا مکان اب بھی بیدر شریف میں موجود ہے، جو محلہ منہیار تعلیم میں ایک متوسط درجے کا مکان ہے، اور اب تک منشی جوہر کی حویلی کے نام سے مشہور ہے ۔ اس مکان کے سامنے ایک اور پختہ عمارت ہے، جس میں آج کل ضلع کے کلکٹر رہا کرتے ہیں ۔ اور یہ وہ عمارت ہے، جس کے متعلق مشہور ہے کہ یہاں نواب ناصرالدولہ آصف جاہ چہارم (جلوس ۱۲۴۴ھ) پیدا ہوئے تھے، چنانچہ اب بھی یہ ناصرالدولہ کی حویلی کہلاتی ہے ۔ اسی کے قریب مشہور مدرسہ محمود گاواں[1] اور قلعہ بیدر کی شاندار شاہی عمارتیں ہیں، جو سلاطین بہمنیہ اسلام کی یاد دلاتی ہیں ۔ یہاں کی مٹی شنجرفی سرخ ہے ۔ یہاں کے زندہ دل لوگ کہا کرتے ہیں : ع

خاک بیدر را بخون عاشقاں گل کردہ اند

یہ وہی قدیم بیڈر ہے، جہاں ''نل دمینتی'' کا افسانہ مشہور ہے، جس کو فیضی نے لکھا تھا ۔ اور اردو میں بھی اس مثنوی کا ترجمہ ہوا ۔

جوہر کے والد ماجد محمد فاضل ابن محمد صادق صدیقی التیمی المدنی کہلاتے ہیں ۔ گویا ان کے آبا و اجداد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اولاد سے تھے، ان کا وطن آبائی مدینۂ منورہ تھا ۔ اور یہ نواب نظام الملک آصف جاہ اول (متوفی ۱۱۶۱ھ / ۱۷۴۷ء) اور نواب ناصر جنگ

---

(۱) مہاراجہ کشن پرشاد آنجہانی نے مزار محمود گاواں پر ایک کتبہ نصب کرا دیا تھا، جس کا تاریخی مادہ قدیم ہے

ع بے گنہ محمود گاواں شد شہید

شہید (متوفی ۱۱۶۴ھ / ۱۷۵۰ء) کے معاصر تھے، جن کو عربی و فارسی علوم متداولہ اور خطاطی میں بڑی مہارت تھی ۔ ان کو خطاطی میں مشہور استاد محمد دلیر خلف محمد علی گوہرین رقم کے بھائی مست علی خطاط سے تلمذ تھا ۔ محمد فاضل کے معاصرین میں غلام علی آزاد بلگرامی، مولوی قمرالدین اورنگ آبادی اور سراج اورنگ آبادی وغیرہ تھے ۔

جوہر اپنے والد ماجد کی خطاطی کے متعلق اس طرح رقم طراز ہیں :

محمد دلیر[1] خلف محمد علی گوہریں رقم شولا پوری که در خط نسخ و ثلث و ریحان و نستعلیق، قایم مقام پدر بود، محمد باقر وغیرہ خوش نویسان حیدر آباد طرز نزاکت ازو تعلیم گرفتند، برادرش میاں مست علی بنواب ناصر جنگ شہید تعلیم خط نستعلیق و مصوری می داد، والد فردوس محال ایں عاصی المکنٰی بابوالفضل الملقب به ابوالفضل ظہیرالدین المشہور به محمد فاضل در نستعلیق شاگرد میاں مست علی بودند، و در خط شکسته شاگرد مرزا محمد علی شکسته نویس الخ ۔

جوہر فارسی کے بلند پایه شاعر، مؤرخ اور ادیب تھے ۔ جوہر تخلص تھا، نیز علم رمل، نجوم، هیئت و هندسه، تصوف، فن عروض و سیر اور حدیث پر بھی عبور تھا ۔ فہرست نفایس عربی و فارسی کتب خانه آصفیه میں مرتب نے لکھا ہے که غلام حسین جوہر یکے از افاضل زمانه و مصنف فرزانه، ملک دکن بوده، علاوه ایں کتاب (ماه نامه) دیگر مصنفات هم ازو بوجود آمده الخ ۔[2]

جوہر کی تاریخ ولادت اور مولد کا پته نہیں چلتا، البته تاریخ ماه نامه مؤلفۂ جوہر کی داخلی شہادتوں اور قراین سے پته چلتا ہے که

---

(۱) تاریخ ماه نامه فارسی، صفحه ۱۱۹ مخطوطه کتب خانه آصفیه ۔
(۲) فہرست نفایس، صفحه ۲۳۰ کتب خانه آصفیه ۔

وہ اورنگ آباد میں ، جب کہ ان کے پدر بزرگوار ، آصف جاہ اول کے زمانہ میں وہاں موجود تھے ، تقریباً ١١٥٨ھ/١٧٤٥ء میں پیدا ہوئے۔ چنانچہ وہ تاریخ مذکور میں ، جو ١٢٢٩ھ/١٨١٣ء میں اختتام کو پہنچی ، یہ اشارہ کرتے ہیں ''گذشت از عمر من ہفتاد'' یعنی تالیف ماہ نامہ کے وقت ان کی عمر ستر سال سے زاید تھی ، ماہ نانہ کا مادہ تاریخ یہ ہے۔

گفت ''گویا مشرق انوار حسن مہ لقا''
١٢٢٩ھ م ١٨١٣ء

۔ جوہر ، ١١٨٧ھ/١٧٧٣ء میں جب کہ ان کی عمر تقریباً تیس سال تھی ، میر موسیٰ خان المخاطب بہ رکن الدولہ[1] دیوان تن ، ریاست حیدر آباد کے رفیق اور ملازم تھے ، ١١٩٠ھ/١٧٧٦ء میں غلام سید خان المخاطب بہ مشیر الملک المعروف بہ نواب ارسطو جاہ[2] وزیر نواب آصف جاہ ثانی میر نظام علی خان کے دربار میں باریاب ہوئے ، اور بوجہ قابلیت و ذہانت ارسطو جاہ نے ان کو اپنے میر منشی کی حیثیت سے مامور کر لیا ، اور بوجہ اعتماد صیغۂ راز بھی ان کو تفویض کر دیا تھا۔ نواب صاحب مذکور کے ساتھ جوہر بھی ١٢٠٣ھ/١٧٨٩ء میں[3] قلعہ پانگل اور سری رنگپٹن کی مہم میں بمقابلۂ ٹیپو سلطان شریک رہے۔ اس کے بعد جب دارالانشاء کا کام ، بجائے ان کے کسی اور کے سپرد کر دیا گیا ، تو جوہر مشہور جنگ کھڑلہ[4] میں ، جو نظام اور مرہٹوں کے درمیان ہوئی تھی ، شریک رہے۔

بعد ازاں جوہر اپنی خدمت سے سبکدوش ہو کر خانہ نشین ہو گئے ، اور اپنے وطن محمد آباد بیدر میں اطمینان کے ساتھ تصنیف و

---

(١) دربار آصف مطبوعہ ، صفحہ ٧٠۔

(٢) دربار آصف ، صفحہ ٨٧ ، حصہ آصف جاہی خاندان۔

(٣) دربار آصف ، صفحہ ٨١۔

(٤) جنگ کھڑلہ ، ١٢٠٧ھ میں نظام کی مرہٹوں سے فیصلہ کن جنگ ہوئی تھی۔ دربار آصف مطبوعہ ، صفحہ ٨٤۔

تالیف میں اپنا وقت گزارا ، اور بہت سی کارآمد کتابیں تصنیف و تالیف کیں ، جن کا ذکر سطور مابعد میں کیا جائے گا ۔

۱۲۱۸ھ/۱۸۰۳ء میں نواب آصف جاہ ثانی میر نظام علی خاں کا انتقال ہوگیا ، تو ملک میں ایک عام پریشانی پھیل گئی ۔ محمد آباد بیدر کے لوگ بھی سخت پریشان تھے ، کیوں کہ رگھو ناتھ راؤ ہولکر[۱] مرہٹہ کی بیدر پر یلغار کی افواہ تھی ۔

نواب سکندر جاہ آصف جاہ ثالث ۱۲۱۸ھ/۱۸۰۳ء کی تخت نشینی کے گویا آٹھ سال بعد ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء میں جوہر پھر حیدر آباد آ گئے ، اور یہاں مہاراجہ چندو لال کے دربار میں باریاب ہوئے اور ایک اردو قصیدہ بشکل مخمس ، بر سر دربار سنایا ، جس کو مہاراجہ نے بہت پسند کیا ، اور جوہر کو اپنے درباری شعراء میں شامل کر لیا ۔ مہاراجہ بہادر کو مرزا بیدل کا کلام بہت پسند تھا ، اس لیے ان کی مجلس میں بیدل کی غزلیں پڑھی جایا کرتی تھیں ، اور علماء و شعراء اور حاضر دربار اس کے ایک ایک شعر کی شرح کرتے اور بڑی بڑی نزاکتیں بیان کیا کرتے تھے ، اور بحث و مباحثہ میں کمال موشگافی سے کام لیا جاتا تھا ۔ جوہر نے بھی ایک بیت کی شرح کی ، اور اپنی جولانی طبع کے جوہر دکھائے ۔ مہاراجہ نے بحیثیت ایک حَکَم اس کو بہت پسند کیا ، اور اس ایک بیت کی شرح کا صلہ جوہر کو ایک ہزار روپیہ عطا فرمایا ۔

حیدر آباد کی مشہور و معروف طوائف مہ لقا بائی چندا[۲] ، جو بڑی طباع اور ذہین تھی ، جوہر نے اس کو ایک مرتبہ نواب

---

(۱) رگو ناتھ مرہٹہ کا پہلا حملہ بیدر پر بزمانہ آصف جاہ ثانی ۱۱۸۰ھ میں ہوا تھا ۔ اس وقت بیدر کے قلعہ دار مرتضیٰ خاں تھے ، اور ست گزی توپ ، ست گزی برج سے سر کی گئی تھی ۔ اس سے مراد وہی فتح میدان توپ معلوم ہوتی ہے (بیدر کا ئیڈ انگریزی ، مؤلفہ فرامرز جنگ تعلق دار ، صفحہ ۸۹ مطبوعہ) ۔

(۲) [illegible]

ارسطو جاہ کے دربار میں دیکھا تھا، یہ اس کا ابتدائی شباب کا زمانہ تھا۔ اور یہ وہ زمانہ تھا جب کہ ۱۱۹۷ھ میں ارسطو جاہ مہم تسخیر نرمل (ضلع عادل آباد) سے فارغ ہو چکے تھے، مگر چندا بائی سے ان کا ربط ضبط قائم نہیں ہوا تھا۔ اس کے بعد ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء میں جب جوہر چندو لال کے دربار سے وابستہ ہوئے، تو مہ لقا کی شاعرانہ محفلوں میں شریک ہوئے اور اس کے علمی ذوق سے متأثر ہوئے، اور یہ بھی محسوس کیا کہ مہ لقا کو تاریخ سے بھی خاصی دلچسپی ہے، کیوں کہ وہ اکثر تاریخی کتب کا مطالعہ کیا کرتی تھی۔ اس کو روضۂ الصفا اور حبیب السیر وغیرہ مستند تاریخیں پسند تھیں۔ جوہر تقریباً ایک سال حیدر آباد میں رہے، اور اسی سال یعنی ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء میں اپنے وطن محمد آباد بیدر واپس آ گئے۔ تین سال کے بعد ۱۲۲۸ھ/۱۸۱۳ء میں مہاراجہ چندو لال کے فرزند کی شادی میں شرکت کے لیے حیدر آباد تشریف لائے، اور ایک مثنوی تہنیت نامہ جو شادی کے تکلفات، زیبائش و آرایش اور مادہ ہائے تواریخ شادی پر مشتمل تھی، لکھ کر لیتے آئے، اور مہاراجہ کے ملاحظہ میں پیش کی۔ نیز ایک اور خاص تالیف تحفۃ الہند بھی پیش کی، جس کا تاریخی نام ''تحفۃ الہند مہاراج'' رکھا تھا، جس کے اعداد ۱۲۳۳ھ برآمد ہوتے ہیں۔ اس میں دکن اور ہندوستان کے راجاؤں کے حالات اور ان کی دریا دلی اور سخاوت کا ذکر تھا۔ اسی زمانہ میں مہاراجہ کے برادر عزیز راجہ گوبند بخش صوبیدار اورنگ آباد و خاندیس کی ملاقات سے بھی مشرف ہوئے۔ نیز ماہ لقا بائی چندا کے پاس بھی گئے، جس کا علمی ذوق و شوق بڑھ گیا تھا، جو نماز عصر کے بعد اکثر اپنی محفل میں تاریخ پڑھا کرتی تھی۔ جوہر نے اس کو حبیب السیر، روضۃ الصفا، نادر نامہ جلاء العیون اور اردو اور فارسی

شعرا کا کلام پڑھتے ہوئے دیکھا۔ ایک روز مہ لقا بائی نے جوہر سے کہا کہ آپ مؤرخ ہیں، میرے نام سے ایک تاریخ لکھ دیں، جو با تصویر ہو، اور اس کا موضوع ''آصفی خاندان و امراء اور اہل کمال'' ہو تو بہتر ہے۔ چنانچہ جوہر نے یہ تاریخ اسی کے نام کی مناسبت سے ''ماہ نامہ'' مرتب کی، جس کا ذکر اور ابواب کی تفصیل ہم سطور ما بعد میں کریں گے۔

معاصرین امراء:

والیٔ ریاست حیدر آباد، میر اکبر علی المخاطب نواب سکندر جاہ آصف جاہ سوم (۱۲۱۸ھ / ۱۲۴۴ھ) کی تاریخ جلوس تخت نشینی کا قطعہ کہا۔ لکھتے ہیں کہ ''این قطعہ سال جلوس میمنت مانوس آں خورشید اوج ریاست چوں لعل از بدخشان طبع جوہر کمتر برآمدہ گوہر موزونیت افزود قطعہ ؎

حبذا صبح طرب خیز بہار نو روز
گشت بر تخت حمل خسروِ انجم لمعان
یعنی نواب فلک جاہ سکندر شوکت
شد چو خورشید بر اورنگ دکن نور افشان
ہست امید کہ از صولت افواج بہار
لشکر بہمن و دے زود گریزد ز جہان
گرہا و رنگ دکن شاہ سکندر جاہ است
گشت دستور معظم چو ارسطو ذی شان
سال تاریخ جلوس شہ افلاک سریر
صبح اقبال ندا کرد کہ ''خورشید زماں''

۱۲۱۸ھ

قطعۂ وفات میر عالم :

اپنے مربی میر عالم بہادر[1] متوفی ۱۲۲۳ھ وزیر حیدر آباد کی تاریخ وفات کہی ؎

افسوس کہ آں میر و ظہیر عالم | با نام نکو رفت وزیر عالم
جوہر زسنیت انتقالش گفتا | حقا بہشت جائے میر عالم

۱۲۲۱ھ

قطعہ وزارت نواب منیر الملک[2] وزیر اعظم حیدر آباد :

''قطعہ تاریخ وزارت منیر الملک[2] خلف الصدق اشجع الملک نبیرہ حیدر یار خاں شیر جنگ[3]۔ جوہر بے جوہر اگرچہ ازیں مقدور بملازمتش جہت ادائے تہنیت نرسید، اما نظر بر سوابق رسوخ بترسیل مادہ ہائے تاریخ مدارالمہامی کوشید، ہر چند بصدور جواب سرمایۂ طمانیت، اما ثبوت بعمر سوابق بندگیہا چہرۂ بشاشت افروخت ؎

شکر خدا بسال سعید و زمان نیک | مامور شد بنظم وزارت وزیر شاہ
تاریخ ایں جلوس بفرمود ہاتفے | بدر منیر اوج وزارت بعز و جاہ

۱۲۲۳ھ

و نہ ؎

شد مرجع سرکار و امیر ناظم | فرمود خرد ''اوج وزیر اعظم''

۱۲۲۳ھ

معاصرین :

آپ کے خاص معاصرین میں مشہور مؤرخ و مصور و خوش نویس شاہ تجلی علی مؤلف تزک آصفیہ تھے، جن کے متعلق لکھتے ہیں :

''شاہ تجلی مصور، خوش نویس و خلیق و لطیف و ظریف، محبوب القلوب امراء، در نظم و نثر و معلومات فارسی مہارت کلی داشت، اکثر راگ

(۱) میر عالم وزیر حیدرآباد (معاصر ٹیپو سلطان شہید)، متوفی ۱۲۲۳ھ، درباد آصف ۸۸۔

(۲) منیرالملک وزیر حیدرآباد، دربار آصف، صفحہ ۸۴۔

(۳) حیدر یار خاں شیر جنگ $\frac{۱۱۶۵}{۱۲۰۸}$ھ جد اعلیٰ سالار جنگ، اول دیوان حیدر آباد دکن، (محبوالسیر مطبوعہ)۔

مالا و مرقعات و قطعات تیار کردہ بذی مقتدران میفرستاد ' و مورد عنایت میشد ۔ نواب مستطاب مشیر الملک ارسطو جاہ مراعات ھا میکردند' تا در سنہ ۱۲ھ سرائے آخرت خرامید ' خلفش شاید استعداد پدر بہم رسانیدہ باشد'' (صفحہ ۱۲۳ ' ماہ نامہ) ۔

دوسرے مولوی صفدر المخاطب بہ فخر الاسلام خاں نایطی شافعی' تلمیذ مولوی قمرالدین اورنگ آبادی ۔ بزمانہ حج علماء مکہ معظمہ سے صحیح بخاری کی تکمیل کی ۔ خوش تقریر تھے ' ایک تفسیر پارۂ عم ہندی (اردو) میں لکھی تھی ۔ ۱۲۱۷ھ میں وفات پائی ' خود جوہر نے تاریخ رحلت کہی ۔ ''رونق بزم اسلام رفت''

۱۲۱۷ھ

تیسرے محمد باقر خوش نویس المخاطب بہ نادر رقم خان حیدر آبادی کی خطاطی کے متعلق لکھتے ھیں کہ ''در نفس الامر اگر ملا میر علی و میر عماد ' و آغا رشیدا زندہ می بود او را بنادر رقمی می ستود ۔'' حالا بتعلیم مرشد زادۂ آفاق سلیماں جاہ بہادر متعین و بمدد خرج معقول معزز و مشین ۔''

اپنے چوتھے معاصر حضرت شاہ معین علی تجلی کے متعلق لکھا ھے : ''شاہ معین علی تجلی از قوم مغل ترکمان است ' بلباس فقر مخلع می بود در خوش نویسی ممتاز خصوصاً در خوش نویسی طرز آغا شفیعا نظیرے نداشت ۔ خطش سر زلف عروساں خط نسخ می کشید الخ ۔

مؤرخین میں آپ کے ھم وطن ' مولوی قادر خاں بیدری بہت مشہور مورخ تھے ' جن کی متعدد تواریخ قطب شاھی و آصف جاھی ـــــ اورسیر ھند و گلگشت دکن مشہور ھیں ۔ یہ بھی ادارۂ نواب شمس الامراء سے وابستہ تھے ۔

وفات :

جوھر نے کب وفات پائی ؟ پتہ نہیں چل سکا ۔ چونکہ تاریخ

ماہ نامہ (۱۲۲۹ھ) کی تالیف کے وقت، بقول جوہر، ان کی عمر ستر سال تھی، اس لحاظ سے ان کی وفات کا زمانہ عشرۂ چہارم یا پنجم، تیرھویں صدی ھجری معلوم ھوتا ھے۔

تصانیف :

ھم یہاں جوھر کی بعض تصانیف کا کسی قدر تفصیل سے تعارف کرتے ھیں :

۱- مہر و ماہ غیر منقوط :

(الف) ۱۹ جزو یا ۳۰۴ صفحات متوسط تقطیع، جس میں ایک مقدمہ اور دو رسالے مہر لامع اور ماہ ساطع شامل ھیں۔ آغاز : فہرست رسالہ ھائے کتاب غیر منقوط موسوم بمہر و ماہ مشتمل بر مقدمہ و دو رسالہ یکے موسوم بہ مہر لامع دیگر موسوم بہ ماہ ساطع تصنیف احقر کمتر غلام حسین جوھر ولد محمد فاضل مرحوم ابن محمد صادق صدیقی تیمی المدنی۔۔ (عربی)۔

(ب) مہر لامع : تصنیف ۱۲۲۰ھ در منقبت خلفاء راشدین و آل اطہار، مثلاً لکھا ھے : رسالہ اول بمہر لامع محتوی بر بست و یک لمعہ۔ لمعۂ اول حمد و سپاس، لمعۂ دوم نعت سید الانبیاء، لمعۂ سوم منقبت حضرت ابوبکر صدیق رض و حضرت عمر رض و حضرت عثمان رض و حضرت علی رض و حضرت حسنین رض و شہادت و آئمہ معصومین وغیرہ۔

(ج) ماہ ساطع : سات لمعات پر مشتمل ھے : مثلاً حمد و نعت، مدح صحابہ، عشرۂ مبشرہ و آئمہ اطہار رض۔ لمعۂ چہارم مدح آصف جاہ میر اکبر علی خاں

سکندر جاہ ' لمعہ پنجم میں مدح میر ابوالقاسم المخاطب به میر عالم بہادر ' لمعۂ ششم میں مدح نواب منیر الملک و امین الملک و شمس الامراء ' لمعۂ هفتم در شرح خطبه تالیف کتاب ۔

۲۔ متفرق رسائل :

رسائل علم رمل ' اصول نجوم ' مقدمات هئیت و هندسه ' معرفت و حقائق و معارف ' عقاید اهل ملل و نحل اور تدبیر مدن (بطرز اخلاق ناصری) ۔

۳۔ تاریخ ماه نامه :

حسب ذیل جملہ ۱۴ ابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے ۔ ہر باب لمعہ سے شروع ہوتا ہے :

لمعۂ اول . . آصف جاہ اول نظام الملک ۔

لمعۂ دوم . . میر احمد خاں ناصر جنگ ۔

لمعۂ سوم . . سید محمد خاں صلابت جنگ ۔

لمعۂ چہارم . نواب میر نظام علی خاں آصف جاہ ثانی ۔

لمعۂ پنجم . . برادران آصف جاہ ثانی ۔

لمعۂ ششم . . امراء عہد غفران مآب ۔

لمعۂ هفتم . . نواب سکندر جاہ آصف جاہ ثالث ۔

لمعۂ هشتم . . امرائے نامدار و منتخبان عہد ' خصوصاً ماہ لقا بائی چندا ۔

لمعۂ نہم . . حالات صوبہ جات دکن ' و ہند و سلاطین ہر صوبہ ۔

لمعۂ دہم . . شرح مسافت و منازل ہندوستان و بادشاہان آنجا ۔

لمعۂ یازدھم . قلعه جات هندو دکن در عهد شاهجهان -

لمعۂ دوازدھم . مخلوقات عرش و کرسی و افلاک سبعه و تقسیم اربا‌ع الارض -

لمعۂ سیزدھم . عجائبات روئے زمین -

لمحۂ چهاردهم . پیدائش انهار و جبال و عجائبات -

لمحۂ پانزدھم . خاتمه ' دیوان اشعار هندی و فارسی وغیره (مخطوطه ادارۂ ادبیات) -

قطعه تاریخ ماه نامه ؎

شکر حق فرمائش ماه سپهر دلبری
ماه نامه گشت لامع چوں مه بدر الدجیٰ
سال اتمامش چو جوهر جست از ماه فلک
گفت "گویا مشرق انوار حسن مه لقا"
۱۲۲۹ھ

مگر فهرست مخطوطات ادارۂ ادبیات میں ماه نامه کا سنه تالیف ۱۲۳۳ھ بیان کیا گیا ہے ' جس کی اس تاریخی قطعه سے مطابقت نہیں ہوتی -

گذشت از عمر من هفتاد کجا شعر و کجا فکر و کجا دل
ولے فرمائش آں ماه پیکر نموده طبع جوهر را منور

ماخذ:

(۱) روضة الصفا مولفۂ محمد بن خاوند شاه - (۲) روضة الاحباب مؤلفۂ میر جمال الدین عطاء الله - (۳) تاریخ فرشته - (۴) مرآة العالم مؤلفه خواجه بختاور خاں - (۵) تاریخ اقبال نامه جهانگیری - (۶) اکبر نامه ابوالفضل - (۷) مآثر الامراء مؤلفه شاه نواز خاں مرتبه آزاد بلگرامی - (۸) تاریخ هند خافی خاں مؤلفه میر هاشم خوافی - (۹) چار چمن مؤلفه

رانے چتر من - (۱۰) سواغ دکن مؤلفہ منعم خاں ھمدانی - (۱۱) تاریخ مہابھارت - (۱۲) ھفت اقلیم مؤلفہ محمد امین رازی - (۱۳) شاھنامہ فردوسی - (۱۴) تاریخ بہمنی (۱۵) تاریخ قطب شاھی مؤلفہ قادر خاں بیدری - (۱۶) زبدۃ التواریخ - (۱۷) حبیب السیر - (۱۸) عالمگیر نامہ - (۱۹) شاہ جہان نامہ (۲۰) توزک آصفیہ -

مخطوطہ کتب خانہ کا آصفیہ ترقیمہ یہ ہے :

ایں کتاب حسب الحکم نواب محمد علی خاں بہادر فرزند ارشد نواب علی محمد خاں بہادر صف شکن جنگ غالب الدولہ مغفور ابن محمد تقی خاں بہادر - مخطوطہ کتب خانہ آصفیہ (سنٹرل لائبریری) حیدر آباد دکن (نمبر ۱۰۴ تاریخ فارسی قلمی) مکتوبہ ۱۲۲۸ھ - کاتب سید اسد اللہ حسینی عرف ابوشاہ - گویا یہ مخطوطہ سال تصنیف سے ۸ سال بعد کا مکتوبہ ہے، جو مؤلف کی زندگی میں لکھا گیا -

تاریخ رسالہ مہر لامع :

قصیدہ ابیات اکمال رسالہ مہر لامع و مادۂ تاریخ آں در حساب دو الفاظ غیر منقوط ہے

حمد مر اللہ را، دادہ مرا الہا مہا

در دو سدس ماہ کردم مہر لامع دار را

دہ صد و دو صد و دو دہ سالہا کردم عدد

۱۲۲۰ھ

دو دہ ماہ صمد ماہ حرام و عمرہ ھا

بستم ماہ رجب

ماہ سادس مرحلہ را صدر آرا آمدہ

(منزل ششم قمر در جوزا)

اول دار عطارد کرد ما وا وسرا

خانۂ عطارد

مہر ہم در دار سادس کو عطارد را
(خورشید در سنبلہ کہ منزل برج کرد)

اصطلاح اہل اعداد دو صد کردم ادا
(نجوم)

واہمہ در داد مردم را ورود ہولکر[۱]
(نام)

مرہمہ رم کردہ، در دار دگر کردہ سرا
(پہیرویل ؟)

——*

لمعہ گراسم رسالہ مہر لامع کردہ ام
در مطالعہ ہر کہ آرد در دہد ما را دعا
کردہ ام آمد امر اہل علم را کل طلا
عطرسا کردہ دمار عاطر اہل ولا
سہو و محو آمد اگر در سطر و کلکم لا محال
حلّہ اصلاح گردد مہر لامع را عطا
عرصۂ کم آمدہ راہ سواد مہملہ
ادہم کلکم رود رہوار کام مدعا
راس اکمال سطور مہملہ در سال حال
مہر لامع کرد دل را مطلع طور ہدا
۱۲۱۹ھ

رسالہ ماہ ساطع :

رسالہ دوم غیر منقوط موسوم بماہ ساطع مشتمل بر ہفت لمعہ :

آغاز : حمدًا للّٰہ لا الٰہ الا ہو لہٗ الملک و لہٗ الحمدُ صمدًا لاحدًا و لا عدًا، دوامًا و سلامًا و اکرامًا لرسولہ محمّدٍ و آلہ و مدامًا ۔ الخ

(۱) ہولکر مشہور مرہٹہ سردار، تاریخ ہندوستان مرتبہ سلسلہ جامعہ عثمانیہ ۔

موضوع :

در ذکر بعضے از ارکان سلطنت آصف جاہ سلیمان قدر میر اکبر علی خان بہادر سپہ سالار نواب شمس الامراء سید ہدایت علی خان[1] دلیر دل جنگ، و سید اولاد علی خان بہادر المخاطب بہ انور جنگ ' ضیاء الملک سہام الدولہ سردار جنگ ' نواب ارسطو جاہ مدار المہام سلطنت آصفیہ حیدر آباد دکن ۔

آخر الذکر سے مخاطبت یوں کرتے ھیں : سر آمد[2] ہمدم و ہمکلام ملک عصر ما لامع الملک سہام الدولہ سردار معرکہ و دلاور عرصہ ھا ۔

ارسطو جاہ کے ذکر میں لکھا ھے : "ارسطو جاہ غلام سید خان مرحوم کہ این ذرۂ بے مقدار ثبوت رفاقت قدم در عین معاودت مرحوم از پونا نگارش کردہ بود ' یاران نخواستند کہ ایں عریضہ بنظر مرحوم بگزرد ' چوں مہملہ بود دریں رسالہ داخل کردہ شد ۔"

جس سے پتہ چلتا ھے کہ حاسدین نے اس عریضہ کو اپنی رقابت کی وجہ سے نواب کے ملاحظہ میں پیش کرنے کا موقع نہیں دیا ' جس کا مختصر اقتباس درج ذیل ھے :

سلالۂ امراء مکرم اعصار ' اسوۂ رؤساء عمدۂ کامگار ' مدار المہام ممالک محروس ' ہمدم و ہم صلاح مالک الملک ' کاؤس ادھم سوار ' عرصۂ اعداء رم سوار ' رہوار صرصر او سحر دم ' سر گروہ مردم عالم ' ہمدم مالک ملک صمصام و علم ' مورد صد مہر و عطا و کرم ' سرگروہ اکمل اولاد آدم ' ہراول عسکر اسلام ' رماح معرکۂ حسام ' دلاور اسد

---

(۱) دلیر دل جنگ عم بزرگوار نواب صدیق حسن خان ' نواب بھوپال بھی اپنے برادر عزیز اولاد علی خان انور جنگ کے ہم راہ حیدر آباد دکن آگئے تھے ' سرکار نظام کی بیش بہا خدمات انجام دیں (ماہ ساطع قلمی ' صفحہ ۱۱۳) ۔

(۲) ارسطو جاہ مشہور وزیر حیدر آباد متوفی ۱۲۱۹ھ ۔

دل، صارم اعداء سگی ؟ در وا محکمۂ عدل و داد الخ - ورق ۱۰۷ ب تا ۱۰۹ الف -

مکتوب موسومہ سید اولاد حسن المخاطب سید اولاد علی خاں انور جنگ :

عنوان : ''مسودۂ مہملہ در خدمت نواب سید اولاد علی خاں[1] بہادر انور جنگ -'' مدعا رسا! در ماہ حال در سمع محرر در آمد کہ ہولکر معہ سہ لک سوار، و ہمسر او سردار دگر معہ لک سوار، اول ممالک مالوہ و اسلام گدہ و کرھا و معمورہ دھار کردہ، حالا حصار محکم آگرہ و کول و سہسرام را ہم در احاطہ حکم در آوردہ، و سواد آگرہ را رھا کردہ، حالا در گردا گرد کوہ کوکلا و سواد امرسر معسکر دارد، در ماہ موسم دسہرہ ہر دو سردار مسطور علاحدہ علاحدہ در معرکہ اول اہل کلاہ دود دمار مردم ہر دو عسکر را در ہوا دادہ، در گروہ عوام روداد معرکۂ ہولکر و اہل کلاہ معلوم عالم آمدہ، سواد ولا سواد او احوال مرور کما ہو لا معلوم، ارصداء کلام مردم عوام مسموع آمد کہ ہولکر دو کس مردم عمدہ رؤساء اہل کلاہ در سلسلۂ اسارا مسلسل کردہ

---

(۱) سید اولاد علی بخاری (انور جنگ) از احفاد حضرت مخدوم جہانیاں بڑے فاضل تھے تلمیذ شاہ عبدالعزیز محدث وغیرہ - (انور جنگ) نواب صدیق حسن خاں نواب بھوپال کے جد امجد تھے - حیدر آباد دکن چلے آئے تھے، جن کی حیدر آباد میں بڑی عزت تھی - قلعہ دار گولکنڈہ بھی رہے ان کو موضع گھن پور محاصلی پانچ لاکھ بطور جاگیر دیا گیا تھا - مرہٹوں کے مقابلہ میں گراں قدر خدمات انجام دیں، جس سے متعلق یہ مکتوب بے نقط، جوہر نے آپ کو لکھا تھا، مشہور نواب شمس الامراء آپ کے معاصر تھے (ماہ نامہ مؤلفہ جوہر) - البتہ مولانا مہر نے ان کا نام اولاد حسن لکھا ہے اور تاریخ ولادت ۱۲۰۰ھ بیان کی ہے، جو صحیح نہیں معلوم ہوتی ہے، کیوں کہ نظام علی خاں آصف جاہ ثانی ۱۲۱۸ھ میں فوت ہوئے، اس لیے ان کا ورود سولہ سترہ سال کی عمر میں بعد حصول تعلیم قرین قیاس نہیں (جماعت مجاہدین، صفحہ ۲۶۱ مطبوعہ)، البتہ ممکن ہے کہ ان کا اصل نام اولاد حسن، اور اولاد علی خاں خطاب ہو-

دارد ـ واسطهٔ ماکول و مطعوم لا روح محروس آمده ، کاه . . . . . اول سحر در دهارک حصار ما وا کرده ، حارس حصار سر آمد اسرار کامگار والاهمم سمو الکرم الموسوم حامد حمد کردگارا اطلاع کرد ، مالک الصدر ارک و حصار ، رحم و کرم کرده ، ما دام او همراه کاؤ را در حصار ارک ما وا کرده ، مواد ماکول و مطعوم عطا کرده ، و عامل مکروه عمل ، حارس کسل و علل دو کراه را اعمال کار محال را الوداع . . . . الحال که راؤ دامو در هوا دار سرکار کرم مدار سر آمد امراء کامگار حامل و عامل سه لک عدد دام هاء مهر دار آمده . . . . ، الله کرم محلل ـ موکر ؟ لا حال را دادم ، و کارهاء موهومه را در محل حصول مدعا دارد ـ الحال آمدم در مدعا ، آه و دردا که عمر سحر سوارم دردام حصارا معطل کام سر آمد و کام آهو طالعم در کل ولاء عاطل درآمد ، گو هر کمالم در سلک کره دار ، و محک حالم معدوم ؟ ادوار ، کاسهٔ سرم دهر کردار دوار ، و لولوء احمرم سرگرم انتظار ، کام معدهٔ روحم در طمهٔ سلاسل ماکول ، و کاسهٔ مرد مک دلم در سرمهٔ املح مکحول ، طومار کاسهٔ کار املا حواله صرصر سموم ، و مطول لاله کردار سواد سطورم و سمه دار هموم ، اما لکوک حمد واحد الصمد که دلم در کل ولا مواد مکر و حسد کم آلوده ، درود محمد و آل محمد ـ مطلع سرم در سده مطلع سحر گاه املم طالع در رحم دادا را امل محکم دارم که مآل کار در دوسرا مسعود ، و راحم سوء اعمالم مالک الودود واحد محمود گردد ، و گروه احرار آل محمد رسول کردهٔ در ساعه معاد مدد دهد ، اللهما مملوک سراسر الحاحم دور؟ راه سوء اعمال مساح دمار روحم در عطر حصول اصلی اسرار معطر . . . و در سوداء سرم هواء اعمال صالحه و اکمار درا در سماط کرم و آلاء عام محروم مدار ، در صدور سوء اعمال مردم آه گرم ارم و دم سرد ، در ورود

موسم هر دم صد کسل دارم و لک درد ، هر سحر و مساء امل کامل دلوم که کسل دردم دور گردد ، در سر، و صدر و معده و دل و دماز همه ممر روح آرا سم رسد ، اولا داوارا ؟ اسمک دوا آمد و عطاک در درس هر گدا - اسمک لِکُلِّ دَاءٍ دواءٌ و آلاءُكَ لِكُلِّ مملوک عطاءٌ مملوک را هموار درگاه مالک راه کو ، و محکوم را و راء حکم حاکم محل و ماوا کدام کو، داورا گروه صلحا را واسطهٔ ورع و صلاح صدر آرام گاه دارالسلام حاصل، و ما مردم طلحا را رحم و کرم، و الا درگاه راحم کامل حوصله کم مدرکه دهر و سلک سوء کردار ، و وسع در اکه مولع کارهاء صالحه محامد اطوار ، حوصله کم مدلل عمل لا حاصل ، و کسر در کم ، عامل امور لا کامل هردم ، اول که اصل ما همه مردم عالم آمد ، در دارالسلام حلو کلام معلم کرده ، سلک او را مصدر سهو و محو کرد ، و اُمِّ کل حوّا را محروم ، و صاحب آدم همدم ، مگر دمع هموم و ملال سه صد سال و ورد اسماء محمد و آل را سر کمال و مسئله رحم و کرم و الاء رحم احوال آدم مملو کلال آمد ، راحما ، دعا گوء کرد اساس در اولاد آدم و مورد لک لک سهو و مصدر کرور کرور سوء ، اعمال عمده در هر دم، اگر در سوام مسدود گردد ، درد دل مرا کدام کس در سمع آرد ، حاله کسل و عمل دلرا مالوم ، و سر امور دار لا مواسا هر دم را در همدم لا حواس دارد ، هر کس را در عالم واسطه و عماد و مراسم اعلا ، وردو اوراد . . . لا طمع ، عطاء اهل عالم را معدوم ، و طمع و سوال درگاه و الا را مرسوم دل دارم ، اهل دول لا رحم - و اهل رحم و کرم کم ، و درک ما در سامحه لا مدار ، در عهد و عصر در مساعده لا هموار ، در اداء امراهُم ولاهُ مودوده ، آلودهٔ صدهم و الم ، و در مورد عطاء حد و حلل لا درم ، سالم و دام و در مم درگره مهر و کرم درگاه و الا حاصل ما ، و حال و

مآثم در ساعه و . . . محل سرور واصل در هر دم و سال عمر در کرد آلامم آرد ، دوحهٔ املم در گلکدهٔ حصول ، ماسول کار ، داد رسا ! کدام اسم اعلا را ورد دارم که داء حصول مسئول گردد ، و کدام واسطهٔ اعمال صالحه را در کار آرم که مر او اس ماسولم در رسد ، لا علمم و لا همم ، همه دم در درد و الم ، و در همه گروه مملوک کار عالم مدار کمم ، در و سواس کدهٔ عدمم و مسلسل سلسلهٔ هر سهم و در هوس وصول شده حرمم سرگرم آه سردم ، و راه کو که مهر سحر آسا ، سراسر کردم ، اسطار مدرار کرم در همه ارم کده ها رسا ، و هر گاه در امل کده رحم و الا کوه آسا ، اگر کامم کوه گردد لا محال ، و اگر گه دم عطر عود دهد کرم کمال ، مالکا ! همه گروه مملوک را آلاء لا احصا دادهٔ ، و در کام هاء همه که و مه آمادهٔ ، حصد ام کو ، درهم کدام سو ، صداء آلام ؛ حامه وار هر دم در کوکو و هوهو ، و موء کرد مرد مکم در لولوء ، دموع مملو ، و آهم را سرمه در گلو ، و کامم ، مهوس اطمهٔ حلو ، و هوا و حرصم در کرد حلو ، دلم هر دم در حصول کار لا حاصل رود و هر سحر در دلم مهر هوس دگر دهد ، الٰهی ! کردگارا ، دل هوس آمودم را هوس حصول اصل مدعا ده ، و اراده ام را راه مذکور امور مکروه آمدم ، اگر احوال عسر امور کس را اطلاع دهم ، دلم عار دارد و اگر کس مرا عُلّه و دام و درم دهد ، آهو دلم در صحراء اکراه ، گروه گروه آمد ، الٰهی ! مرا در دام حرص و هوا و کرد مکان ؟ اموالکده مهر محمد ده و آل اطهار کمار ، الٰهی ! همه آس را حواله کرم والا کرده ام ، درد دل را سوء رحم والا آورده ام ، اللّٰهم صلی علیٰ محمّد و آله و اولاده هم اهل الکلام و مصدر الالهام (ماه ساطع ، مخطوطه سالار جنگ لائبریری ، ورق ۱۲۶ تا ۱۳۲) -

خطبۂ بے نقط عربی از جوہر:

عنوان: ''خطبه هو الله الملک العلام''

الحمد لله حمداً لا احصاء حمداً دواماً و سلاماً دواماً لرسوله محمداً و آله مداماً۔

الا! اهل الاسلام، اسمعوا و صلوا و سلموا و آله الکرام و کلما ادو رکوعاً و سلاماً کلموا حمد الله و اسماءهٔ لا اله الا هو لا احصاء حمده و آلاءهٔ و لا عدّ اسماءهٔ، اما حمدٌ لکل حال مسعود، و اسمع الطاعه لرسوله و الوالامر و احکامه محمودٌ هو الله الاکرم ارسل رسلا اعلمهم اکملهم رسولٌ احمد محمد صلعم و هو علمکم و هداکم ما لا علمکم و امرلکم امر مرحوما کالصلواة و الصوم و الصلاح و السداد و عمل الصالح (الخ) — (سهر لامع)۔

جوہر نے صنعت مہملہ میں سیرت نبوی کا خلاصہ بیان کر دیا ہے۔ بعض اشعار اور تاریخ وصال محبوب رب العالمین صلعم تبرکاً درج ذیل ہے:

ماہ ساطع:

لمعۂ دوم: نعت نبوی، منظوم ؎

کلک ما را مدح او در ها دهد — سطر سلک لولوء لالا دهد
حارس درگاه او حور و ملک — گرد سده سرمهٔ هر مردمک
مادح او در سواد گلکده — حاسد او در حرور موصده
مولد او مکهٔ دار الحرم — مورد او مصر احرام امم
الواع مکه کرد او داد گر — کرد دار الملک را مصر دگر
راه ما را داد در دار السلام — روح او را لک درود و لک سلام

تاریخ وصال آنحضرت صلعم (جو لفظ ''ھو'' سے برآمد کی گئی ہے) :

در حساب جمل او نتائج طبع جوہر کمتر سے

در اول ارواح محمد آمد مہر سحر مطلع سرمد آمد
ہر گاہ ارادۂ احد کردہ او در کلمۂ ''ھو'' وصال احمد آمد
۱۱ھ

غرض غلام حسین جوہر انشا پردازی میں، اپنے زمانے کے بڑے علامہ، ابوالفضل اور فیضی، نیز مؤرخ اور خطاط تھے، جنہوں نے تاریخ میں بڑا اچھا ذخیرہ چھوڑا۔ جس میں سلاطین لنگہ، ملتان اور سندھ کے سمہ اور ارغون خاندان کے حالات بھی درج ہیں۔ (ملاحظہ ہو ۳ ماہ نامہ، ۳۷۳)۔

مآخذ :

(۱) فہرست نفایس کتب خانہ آصفیہ مطبوعہ جلد اول۔

(۲) تاریخ ماہ نامہ مؤلفہ جوہر، مخطوطہ آصفیہ کتب خانہ، حیدر آباد دکن (۲/۱) ۔ دربار آصف، مؤلفہ گوہر حیدر آبادی مطبوعہ۔

(۳) مہر لامع (قلمی) — غیر منقوط، مؤلفہ جوہر، کتب خانہ سالار جنگ، حیدر آباد دکن۔

(۴) ماہ ساطع (قلمی) — غیر منقوط، مؤلفہ جوہر، کتب خانہ سالار جنگ، حیدر آباد دکن۔

(۵) فہرست اردو مخطوطات، ادارۂ ادبیات حیدر آباد، جلد ۳۔

(۶) تقصار الجیود الاحرار من تذکار جنود الابرار۔ نواب صدیق حسن خاں، مطبوعہ بھوپال ۱۲۹۸ھ۔

(۷) مآثر دکن ، مؤلفه سید علی اصغر بلگرامی ، مطبوعہ ۔
(۸) حیات مہ لقا بائی چندا ، مؤلفه غلام صمدانی گوہر ، مطبوعہ ۔
(۹) حدیقة العالم ، میر عالم ــ قلمی (کتب خانه سالار جنگ) ۔
(۱۰) دفتر فصاحت ، مؤلفه تجلی علی شاہ ــ قلمی (کتب خانه سالار جنگ) ۔

سخاوت مرزا

دور جاهلیہ میں عربوں کا
تنقیدی شعور

از

ظہور احمد اظہر

(شائع شدہ : یونیورسٹی اورینٹل کالج میگزین ، نومبر ۱۹۶۴ء)

دور جاہلیہ میں عربوں کا تنقیدی شعور

کھرے کھوٹے کی تمیز اچھے اور برے کا فرق انسانی فطرت کا خاصہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل و شعور کی دو عظیم اور ممتاز قوتیں ودیعت کی ہیں جن کے بل بوتے پر وہ زندگی میں ارتقا کے طویل مراحل کو طے کرتا رہا ہے، انسان غاروں سے نکل کر آبادیوں میں منتقل ہوا۔ میل ملاپ کی زندگی اختیار کی اور تمدن و ثقافت کو تدریجا ترقی دیتا رہا حتیٰ کہ اس بیسویں صدی کی روشنی میں انسانی تمدن و ثقافت اور علوم و فنون انتہائی بلندیوں کو چھونے لگے ہیں لیکن ان تمام مراحل ارتقا میں عقل و شعور انسان کے لیے فیضان ربانی اور فطری روشنی کا کام دیتے رہے۔ اس نے ہر ایجاد کو عقل کی کسوٹی پر پرکھا، اس کی قدرو قیمت کو پہچانا اور کھری اور مفید چیز کو پسند کرکے قبول کیا اور کھوٹی اور مضر چیز کو ناپسند کرکے ٹھکرا دیا۔ اسی اچھے برے کی پہچان اور کھرے کھوٹے کی تمیز کا نام تنقید ہے تو جب انسان دوسری تمام اشیاء میں چھان پھٹک اور پرکھ سے کام لیتا ہے۔ تو ادب میں ایسا کیوں نہ ہو جس کا موضوع خود انسان اور فطرت ہے؟

ادب اور ادبی تنقید دونوں ساتھ ساتھ چلتے ہیں بلکہ ادبی تنقید خود ایک صنف ادب ہے جسے ہم وصفی ادب، یا تنقیدی ادب کہتے ہیں۔ جونہی کوئی ادبی تخلیق سامنے آتی ہے اس کی تنقید بھی وجود میں آ جاتی

ہے (من صَنَّفَ فَقَد اَستَہدَفَ : جس نے تصنیف کی نشانۂ تنقید بن گیا) اس لیے یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ سب سے پہلا نقاد بھی سب سے پہلے شاعر کے فوراً بعد پیدا ہو گیا تھا اس اصول سے شاید ہی کسی قوم کی ادبی تاریخ مستثنیٰ ہو سکے ۔ یہ اور بات ہے کہ ابتداء میں تنقید سادہ اور سطحی ہوتی ہے جسے ہم سلبی تنقید کہتے ہیں اور جو سلیقہ اور ادب کے ذوق سلیم پر مبنی ہوتی ہے ۔ ابتدائی تنقید ادبی خوبیوں یا نقائص کی توجیہ پر قادر نہ ہونے کی وجہ سے کسی ادبی تخلیق کی پسند یا نا پسند اور قبولیت یا رد کرنے پر اکتفا کرتی ہے ۔ ایجابی تنقید بعد میں پیدا ہوتی ہے جو ادب کی ظاہری و باطنی خوبیوں کی توجیہ پیش کرتی اور عیوب و نقائص کی نشاندھی کرتی ہے اور اسباب و دلائل سے کسی ادبی تخلیق کی قدر و قیمت اور افادیت کو ثابت کرنے کے قابل ہوتی ہے ۔

قدیم اقوام میں یونانی قوم ادب و تنقید میں ایک اہم اور ممتاز مقام رکھتی ہے لیکن کیا ان کے ہاں تنقید کے اصول و نظریات روز اول ہی سے مکمل اور واضح شکل میں موجود ہو گئے تھے ؟ نہیں ، بلکہ یونانی تنقید بھی سادہ سطحی اور سلبی انداز سے ایجابی انداز کی طرف بڑھی ، پانچویں صدی قبل مسیح کے آغاز میں ایتھنز ڈرامائی شاعری کا مرکز بن چکا تھا اور یونانیوں کے الیاذہ اور اودیسا کی تدوین مکمل ہو چکی تھی جس نے ادبی تنقید کا میدان گرم کر دیا تھا لیکن اس کا دارومدار سادہ ذوق پر تھا اور نقد و تبصرہ کے معین اور واضح اصول موجود نہیں تھے ۔ پھر اسی صدی کے آخر میں سقراط آیا جو آغاز کار میں اگرچہ سوفسطائی نظریات کا پیرو کار تھا مگر بعد میں اس نے تنقید میں ایک الگ اور مستقل مسلک اختیار کیا اور اپنے اساتذہ کے مسلک کی

تحلیل و تنقید کرکے اس کی بنیادیں ہلا دیں ۔ اس کے نزدیک بلاغت ایک ایسا فن ہے جس سے اشیاء کی حقیقت معلوم کی جاتی ہے ۔ سقراط کے بعد اس کا شاگرد افلاطون آیا جس نے بلاغت کو ایک الہامی چیز قرار دیا جسے انسان کوشش اور ارادے سے حاصل نہیں کر سکتا بلکہ یہ صرف پاکیزہ نفوس کا خاصہ ہے جنہیں حقائق اشیا کا ادراک ہوتا ہے ۔ اور پھر وہ انہیں شعرونثر یا فلسفہ کی صورت میں لوگوں کے سامنے پیش کر دیتے ہیں ۔ پھر چوتھی صدی قبل مسیح میں ارسطو ظاہر ہوا اور اپنی غیرفانی کتاب (Poetica and Rehtorica) میں خطابت و شاعری کے اصول پیش کیے ۔ یہی کتاب ہے جو نقد و بلاغت میں اولین مرجع تسلیم کی جاتی ہے[1]۔

یہی حال عربی تنقید کا ہے ۔ اس نے بھی اسی طرح ارتقائی مراحل طے کئے ہیں اور سلبی انداز سے ایجابی انداز اختیار کیا ہے رفتہ رفتہ نقد و بلاغت کا فن آگے بڑھتا رہا اور اصول وضع ہوتے رہےہیں ۔ چنانچہ دور جاہلیت میں ادبی تنقید شعر و شعراء کے متعلق جستہ اور سطحی آراء سے عبارت تھی جن کا دارو مدار سادہ اور فطرتی ذوق پر تھا ۔ قبائلی تعصب ، اسواق عرب اور بادشاہوں اور رئیسوں کے درباروں تک رسائی ایسے امور تھے جنہوں نے شاعر کو بادیہ نشین عربوں میں بلند مقام عطا کر دیا تھا ۔ شعراء میں مقابلے اور منافست کی دوڑ شروع ہو گئی اور شعراء کے موافق یا مخالف تنقیدی آراء بھی وجود میں آگئیں جو کبھی تعریف و تقریظ کا پہلو لیے ہوئے ہوتیں اور کبھی نکتہ چینی اور عیب جوئی تک محدود رہتیں ۔ لیکن عربوں کے پاس کوئی معین اور طے شدہ اصول نہیں تھے بلکہ جاہلی تنقید کا انحصار اس بات پر تھا کہ شعر

---

(۱) اصول النقد الادبی : احمدالشائب ۔

نے سامعین پر کس حد تک اثر کیا ہے اور اس تنقید میں الفاظ اور معنی دونوں کا خیال رکھا جاتا تھا۔

دور جاهلیت میں عربوں کی تنقیدی آراء کا تفصیلی جائزہ پیش کرنے سے پہلے اس مقام پر چند اہم امور کی طرف مختصراً توجہ دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

اولاً ادب کے معنے اور ماهیت کی بحث

لسان العرب میں ہے کہ ادب کے اصل معنی دعوت دینا اور بلانا ہے چنانچہ جس کھانے کے لیے لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے۔ اسے مادُبة کہتے ہیں ''والأدبة والمأدُبة والمادَبة كل طعام صنع لدعوة او عرس'' صخرالغی عقاب کی تعریف کرتے ہوئے کہتا ہے:

كان قلوب الطير فی قعرعشها نوی‌القسب ملقی عند بعض المآدب

ترجمه: عقاب کے گھونسلے میں پرندوں کے دل یوں بکھرے پڑے ہیں جیسے کسی دستر خوان کے پاس خشک کھجور کی گٹھلیاں پڑی ہوتی ہیں۔

الادب مصدر ہے جس کے معنی لوگوں کو دعوت طعام دینا ہے۔ الآدب الداعی الی الطعام کو کہتے ہیں ''والادب الذی یتأدب به الادیب من الناس سمی ادباً لانه یأدب الناس الی المحامد و ینها هم عن المقابح'' وہ ادب جو ایک ادیب سیکھتا ہے اس لیے ادب کہلاتا ہے کہ وہ لوگوں کو خوبیوں کی دعوت دیتا ہے اور برائیوں سے منع کرتا ہے[1]۔

لفظ ادب کی اصل کیا ہے؟ اور یہ موجودہ اصطلاحی معنی میں کب استعمال ہونے لگا؟ اس سلسلے میں محققین کو تردد ہے اور وہ کسی حتمی نتیجه تک نہیں پہنچ سکے۔ پاکیزہ مفہوم رکھنے اور خفیف اور

---

(۱) لسان العرب ج ۱۲۰ : ۲۰۶ ۲۰۷ -

آسان ہونے کے باوجود یہ لفظ نہ تو قرآن میں مذکور ہے اور نہ جاہلی شعراء کے کلام میں ان اصطلاحی معنی میں استعمال ہوا ہے ۔ اس وقت دور جاہلی کی جو عبارتیں یا اشعار ہمارے پاس موجود ہیں ان میں اول تو یہ لفظ ان اصطلاحی معنی میں استعمال ہوا ہی نہیں اور اگر ہوا ہے تو ان عبارتوں اور اشعار کی حیثیت محققین کے نزدیک غیر مستند اور مشکوک ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ علماء کو ''ادب'' کی اصل کے متعلق بڑے تردد اور تاویلات سے کام لینا پڑا ہے ۔

مشہور اطالوی مستشرق پروفیسر نالینو کے نزدیک ''ادب'' کی اصل دأب بمعنی عادت ہے ۔ اس کا خیال ہے کہ یہ لفظ مفرد سے نہیں بلکہ جمع سے مشتق ہے دأب کی جمع أدْآب ہے جو بدل کر آداب ہو گئی جیسے بئر اور رئم کی جمع ابآر اور ارآم تھی جو مقلوب ہو کر آبار اور آرام بن گئی[۱]۔

ڈاکٹر طہ حسین نے ایک اور مفروضہ قائم کیا ہے جس کی بنیاد یہ ہے کہ ادب کا لفظ دیگر سامی زبانوں میں نہیں ملتا اس لیے ہے تو عربی الاصل مگر قرآن میں بھی مذکور نہیں اور کسی مستند حدیث میں بھی نہیں اس لیے قریشی زبان کا لفظ نہیں ہو سکتا بلکہ یہ ممکن ہے کہ کسی دوسرے قبیلے کی زبان سے آ کر قریش کی زبان میں داخل ہو گیا ہو[۲]۔

لیکن جاہلی شعراء کے کلام میں اس لفظ کا نہ ملنا اس بات کی قطعی دلیل نہیں کہ دور جاہلیت میں یہ لفظ مستعمل اور رائج نہ تھا ۔ کیونکہ شعر جاہلی کی بڑی مقدار ضائع ہو چکی[۳] ہے ۔ اسی طرح قرآن کریم میں لفظ ادب کا مذکور نہ ہونا اس بات کو مستلزم نہیں کہ یہ قریش

---

(۱) تاریخ الآداب العربیۃ تالیف کارلونالینو' صفحہ ۱۱ ۔
(۲) فی الادب الجاہلی ۔
(۳) طبقات الشعراء' صفحہ ۱۷ ۔

کی زبان کا لفظ نہیں کیونکہ قرآن کریم نے قریش کی زبان کے تمام الفاظ کا احاطہ کب کیا ہے۔ اس لیے ہم ان تاویلات اور مفروضات کی بجائے ادب کو خالص عربی اور اپنی اصل پر ہونا زیادہ قرین قیاس خیال کرتے ہیں۔

عربی ادب کی کتابوں میں ایسے شواہد ملتے ہیں کہ ادب کا لفظ دور جاہلیت میں مستعمل اور رائج تھا۔ ابن عبدربہ نے نعمان بن منذر کا ایک خط نقل کیا ہے جو اس نے کسری شاہ فارس کو لکھا تھا اس خط میں یہ الفاظ بھی ہیں ''کلھم (العرب) الی الفضل منسوب و بالشرف والسؤدد موصوف وبالرأی الفاضل والادب معروف''[1] یعنی عربوں کا جو وفد میں آپ کی خدمت میں بھیج رہا ہوں وہ سب بزرگ ہیں شرافت اور سرداری سے متصف ہیں اور فاضلانہ رائے اور ادب میں مشہور ہیں۔ عتبہ بن ربیعہ نے اپنی بیٹی ہند کے ہونے والے شوہر (ابوسفیان) کا نام لیے بغیر اس کی خوبیاں شمار کراتے ہوئے کہا ''. . . . بدرارومته وعزعشیرته یؤدب اھله ولایؤدبونه'' یعنی وہ اپنے خاندان کا چاند اور عزت ہے۔ وہ انہیں ادب سکھاتا ہے وہ اسے ادب نہیں سکھاتے اور ہند نے جواب دیا تھا ''انی سآخذه بادب البعل'' میں بھی اس کا شوہر کا سا ادب کروں گی''[2]

رسول اکرم اور صحابہ کے عہد میں بھی یہ لفظ ثقافت کے معنی میں استعمال ہوا ہے جو اصطلاحی معنی کے بالکل قریب ہے۔ آپ نے فرمایا ''أدبنی ربی فاحسن تأدیبی و ربیت فی بنی سعد'' مجھے اپنے پروردگار نے خوب ادب سکھلایا ہے اور بنی سعد میں میری تربیت ہوئی ہے۔ عبداللہ بن مسعود کی حدیث میں قرآن کریم کو ''مأدبة اللہ'' اللہ کا دستر خوان

---

(۱) العقد الفريد، جلد ۱، صفحہ ۹۹۔   (۲) الأمالی، جلد ۲، صفحہ ۱۰۴۔

کہا گیا ہے جو انسانیت کے لیے ادب و اخلاق اور اعمال صالحہ کی دعوت پیش کرتا ہے ۔ حضرت علی نے بنوامیہ کے متعلق فرمایا ''واما اخواننا بنوامیة فَقَادَةٌ اَدَبَةٌ'' ہمارے بھائی بنوامیہ تو قائد اور دسترخوان پر بلانے والے ہیں ۔

بنوامیہ کے عہد میں ادب کا لفظ تہذیب اخلاق اور شعرونثر کی تعلیم کے معنی میں استعمال ہوتارہا ہے ۔ مؤدب اس شخص کو کہا جاتا تھا جو بچوں کو اخلاق اور شعر و نثر کی تعلیم دیتا تھا زیاد نے اپنے خطبے میں بنوامیہ کے متعلق کہا تھا ''فانهم ساستكم المؤدبون لكم'' پھر دوسری صدی ہجری کے وسط میں لغت ، صرف ، نحو اور اخبار و انساب بھی ادب میں شمار ہونے لگے ۔ عباسی تمدن جب علوم و فنون اور ثقافت و آداب معاشرت کا سیلاب لیے ہوئے ظاہر ہوا تو ادب کا دائرہ وسیع تر ہو گیا اور شعر و نثر اور علوم لغت کے علاوہ فلسفہ و سائنس علم الاخلاق اور علوم دینیہ جیسے تفسیر حدیث اور فقہ پر بھی ادب کا اطلاق ہونے لگا ۔ لیکن چوتھی صدی ہجری کے آغاز میں لفظ ادب کا دائرہ سمٹنے لگا ، ہر صنف علم نے ایک مستقل فن کی شکل اختیار کر لی اور اب صرف شعر و نثر اور اس کے معاون علوم بیانیہ (نقد و بلاغت) کا نام ادب[1] رہ گیا ، گزشتہ تفاصیل سے معلوم ہو گیا کہ ادب کا لفظ مندرجہ ذیل مراحل سے گزرا :

(۱) دور جاہلیت میں ادب دعوت اور اخلاق کریمانہ کے معنی میں استعمال ہوتا رہا ۔

(۲) زمانۂ آغاز اسلام میں علم و ثقافت اور شائستگی کے معنی میں مستعمل ہوا ۔

۱۔ فی الادب الجاہلی ۔

(۳) بنو امیه کے عہد میں شعر و نثر اور اخبار و انساب کی تعلیم کا نام ادب تھا ۔

(۴) عباسی دور میں علوم عربیہ کی جملہ اقسام کے علاوہ اجنبی علوم جیسے فلسفہ فنون جمیلہ اور دیگر علوم و فنون پر بھی ادب کا اطلاق ہونے لگا ۔

(۵) پھر جب ہر صنف علم نے ایک مستقل فن کی شکل اختیار کر لی ، تو ادب شعر و نثر اور نقد و بلاغت کا نام رہ گیا ۔

ثانیا : نقد

''النقد و التنقاد تمییز الدراهم و اخراج الزیف منها[1]'' نقد اور تنقاد کا معنی ہے دراہم میں تمیز کرنا ، اور ان میں سے کھوٹے دراہم کو الگ کرنا ، اور سیبویہ نے بطور استشہاد یہ شعر پڑھا ہے ؎

تنفی یداها الحصی فی کل هاجرة نفی الدراهم تنقادُ الصیاریف

ترجمہ : تپتی ہوئی دوپہر کو وہ (اونٹنی) اپنے پاؤں سے سنگریزوں کو یوں ہٹاتی جاتی تھی (چلتے ہوئے) جس طرح سنار دراہم کو جانچتے ہوئے الٹتا پلٹتا ہے ۔

''ونقدالشی ینقده نقدا اذا نقره باصبعه کما تنقرالجوزة'' یعنی نقد کا ایک معنی کسی چیز کو انگلی سے ٹھکرانا ہے جس طرح اخروٹ کو کھنکایا جاتا ہے ۔

''وفی حدیث ابی الدرداء انه قال : ان نقدت الناس نقدوك و ان ترکتهم ترکوك[2]'' یعنی حضرت ابو درداء سے منقول ہے کہ اگر تم لوگوں پر تنقید کرو گے (نکتہ چینی اور عیب جوئی کرو گے) تو وہ

۱۔ لسان العرب ج ۳ : ۴۲۵ ۔ ۲۔ السان العرب ج ۳ : ۴۲۶ ۔

بھی تم پر تنقید کریں گے لیکن اگر تم نے ان سے نہ چھیڑا تو وہ بھی تمھیں چھوڑ دیں گے ۔ اسی طرح نقد کا ایک معنی پرندے کا اپنی چونچ سے انڈا توڑنا اور دانہ اٹھانا بھی ہے ۔

معلوم ہوتا ہے نقد کا لفظ ادبی تنقید کے معنی میں عربوں نے بہت دیر کے بعد استعمال کیا ۔ اصل میں نقد کے معنی کھرے اور کھوٹے دراہم میں تمیز کرنا اور نکتہ چینی کرنا تھا ۔ نظم و نثر کی تنقید کے لیے اس کا استعمال مجازی ہے اور ادبی تنقید کے لیے موخرالذکر معنی (نکتہ چینی) کی بجائے اول الذکر (کھرے اور کھوٹے میں تمیز کرنا) معنی کا مجازی استعمال ھی موزوں اور مناسب معلوم ہوتا ہے ۔ لیکن نقد ان مجازی معنی میں کب استعمال ہونا شروع ہوگیا تھا اس کے متعلق حتمی طور پر کچھ نہیں کہا جا سکتا ، صرف یہ معلوم ہو سکا ہے کہ یہ لفظ ادبی تنقید کے معنی میں تیسری صدی ہجری میں مستعمل و رائج ہو چکا تھا ، چنانچہ امام عبدالقاہر الجرجانی نے البحتری کا یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ اس نے ایک شخص کے پاس اشعار کی ایک کاپی دیکھی اور پوچھا کہ یہ کیا ہے تو اس نے کہا کہ شنفری کے اشعار ہیں ، البحتری نے پوچھا یہ کہاں لے جاؤ گے ؟ اس نے کہا ابوالعباس کے پاس جاؤں گا اور اسے سناؤں گا ۔ اس نے کہا میں نے تمھارے اس ابو عباس کو کچھ دن ہوئے ابن ثوابہ کے ھاں دیکھا تھا لیکن مجھے تو وہ نقاد شعر نظر نہیں آیا (فمارایتہ ناقداً للشعر) اور نہ ھی وہ الفاظ میں کچھ تمیز کر سکتا ہے وہ تو کچھ ایسے اشعار کو اچھا سمجھتا اور پڑھتا ہے جو اچھے اشعار نہیں ۔ اس شخص نے کہا : شعر کی تنقید و تمیز ایک الگ فن ہے (امانقدہ و تمیزہ فھذہ صناعۃ اخری) لیکن وہ شعر کے اعراب اور نامانوس الفاظ کو تو سب سے بہتر جانتا ہے[1]

۱۔ دلائل الاعجاز صفحہ ۱۹۵ ۔

اس کے بعد نقد کا لفظ ادبی تنقید کے معنی میں عام استعمال ہونے لگا حتیٰ کہ شعراء اپنے کلام میں بھی اسی مجازی معنی میں اسے استعمال کرنے لگے - ایک شاعر کہتا ہے -

ان نقد الدینار علی الصیرف صعب فکیف نقدالکلام

یعنی جب دینار کا نقد و تمیز صراف کے لیے مشکل کام ہے تو پھر کلام کی تو بات ہی کیا ؟

متنبی کہتا ہے

رب شعر نقدتہ مثل ما ینقدرأس الصیارف الدینارا

میں نے کتنے ہی اشعار کی یوں تنقید کی (کھرے کھوٹے میں تمیز کی) جیسے ایک ماہر صراف دینار کو پرکھتا ہے -

اس کے بعد علماء نے نقد کا لفظ اپنی تالیفات ادبی کے نام کے ساتھ استعمال کرنا شروع کیا چنانچہ قدامہ بن جعفر (متوفی ۳۱۰ھ) نے فن تنقید پر جو کتاب لکھی اس کا نام ''نقدالشعر'' رکھا ' پھر علامہ ابوعلی‌الحسن بن رشیق القروانی (متوفی ۴٦۳ھ) نے اپنی کتاب کا نام ''العمدۃ فی محاسن الشعر و آدابہ'' رکھا جس کے متعلق بعض کا خیال ہے کہ اس کا اصل نام ''العمدۃ فی صناعۃ الشعر و نقدہ'' تھا[1]

اوپر کی بحث ہمیں ان نتائج پر پہنچاتی ہے

(۱) دور جاھلیت میں نقد کا لفظ ادبی تنقید کے لیے کبھی استعمال نہیں ہوا بلکہ اپنے اصلی معنی ، کھرے کھوٹے دراھم کی تمیز کرنا ' نکتہ چینی کرنا ، میں استعمال ہوتا رہا ہے حتیٰ کہ عہد رسالت اور عہد بنی امیہ میں بھی اس کا مجازی استعمال نظر نہیں آتا -

(۲) تیسری صدی ھجری میں نقد کا مجازی استعمال عام نظر آتا ہے

۱- اس النقد الادبی احمد بدوی -

حتی کہ شعراء کی زبان پر بھی عام ہو گیا تھا۔

(۳) قدامہ بن جعفر پہلا شخص ہے جس نے بحیثیت نقاد ادب یہ لفظ تصنیف کے لیے استعمال کیا۔ اس سے پہلے کے ادبا جیسے طبقات ... کے مصنف محمد بن اسلام الجمحی اور کتاب الشعر و الشعراء کے مصنف ابن قتیبہ کے ہاں یہ لفظ ان مجازی معنی میں استعمال نہیں ہوا۔

[illegible] : عربی ذوق

زمان و مکان۔ یا دوسرے لفظوں میں ماحول۔ اقوام کی جسمانی اور ذھنی نشو و نما کے علاوہ ان کے ذوق اور طبعیت پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ عصر حاضر کے علمائے تمدن کے نزدیک خوراک، آب و ھوا اور نظریہ زندگی ھی وہ طاقتور عناصر ثلاثہ ھیں جن کے بل بوتے پر اقوام فاتح بنتی، ترقی کرتی اور علم و تمدن میں نام پیدا کرتی ھیں' عربوں کے حصے میں توان میں سے کچھ بھی نہ آیا تھا' چنانچہ خشک ریگستان' تپتی ھوئی دھوپ اور خانہ بدوشی کی زندگی نے عربوں کو نیز طبیعت اور متعصب مزاج بنا دیا تھا اس لیے انہوں نے کبھی فلسفیانہ ژرف نگاھی سے زندگی اور مظاھر فطرت پر نظر ھی نہ ڈالی تھی، بقول الجاحظ ان کے پاس نہ علم تھا نہ فلسفہ لیکن اس کے عوض میں فطرت نے انہیں دو ممتاز خوبیاں عطا کر دی تھیں۔ خوش بیانی اور بدیہہ گوئی ' اسی چیز نے فطری اور سادہ عربی ذوق کو شاعری کی طرف مائل کردیا تھا یہاں تک کہ وہ ان کا اوڑھنا بچھونا بن گئی اور الشعر دیوان العرب کے مطابق ان کی زندگی کے مظاھر کا عکس صرف ان کی شاعری میں دیکھا جا سکتا ھے۔

عربوں کے ذوق شعر کا اندازہ اس سے ھو سکتا ھے کہ وہ شعراء کے اسلوب بیان تک کو فوراً پہچان جاتے تھے ابن قتیبہ نے ذکر کیا ھے

کہ نابغہ ذبیانی نعمان بن منذر والئی حیرہ کا در باری شاعر تھا مگر کسی بات پر ناراض ہو کر چلا گیا تھا اور اسی ناراضگی میں اس کی ھجو کہہ ڈالی تھی، نعمان کو اس پر سخت غصہ آیا اور اس نے نابغہ کو قتل کر دینے کی تدابیر سوچنا شروع کر دیں، نابغہ کو جب پتہ چلا تو وہ زبان بن سیار اور منظور بن سیار فزاری کے همراه حیره پهنچا، نعمان نے ان دونو فزاری سرداروں کے لیے ایک الگ خیمہ نصب کرا دیا، نابغہ بھی اس خیمہ میں ان کے ساتھ داخل ہو گیا اور نعمان کو اس بات کا علم نہ ہو سکا، نابغہ نے اپنے قصیدے کے کچھ اشعار کسی طرح مشہور کرا دیئے ان میں ایک یہ شعر بھی تھا

نبئت ان ابا قابوس اوعدنی ولاقرار علی زار من الاسد

یعنی مجھے معلوم ہوا ہے کہ ابو قابوس نے مجھے قتل کی دھمکی دی ہے اور جب شیر دھاڑنے لگے تو چین کہاں ؟

نعمان نے جب یہ اشعار سنے تو کہنے لگا : خدا کی قسم یہ اشعار تو نابغہ کے معلوم ہوتے ہیں، وہ کہاں ہے ؟ اسے بتایا گیا کہ وہ فزاریوں کے ساتھ ہے چنانچہ فزاری سرداروں کی سفارش پر نابغہ کو امان مل گئی،[1]

ذوق شعر کے علاوہ عربوں میں قوت حافظہ، حدت ذهن اور ذکاوت و فراست کا جوهر بھی تھا بلکہ انکی قیافہ شناسی اور فراست تو ضرب المثل ہے، وہ قدموں کے نشانات سے آدمی کو تلاش کرلیتے، قدم کا نشان دیکھ کر یہ بھی بتا سکتے تھے کہ یہ نشان عورت کا ہے یا مرد کا، بوڑھے کا ہے یا نوجوان کا، نزار کے بیٹے افعی جرهمی کے پاس اپنے باپ کی میراث کے متعلق جھگڑا طے کرانے کے لیے جا رہے تھے، راستے میں

۱- کتاب الشعر و الشعراء ۷۷-۸۸

انہوں نے دیکھا کہ ایک درخت کے پتے کسی اونٹ نے کھا لیے ھیں - مضر بن نزار نے کہا یہ پتے کھانے والا اونٹ کانا تھا ربیعہ نے کہا یہ اونٹ لنگڑا تھا ایاد نے کہا وہ دم کٹا تھا ' انمار نے کہا وہ اونٹ سرکش تھا ' وہ تھوڑی دور گئے تھے کہ ایک شخص انہیں اونٹ تلاش کرتا ھوا ملا ' چاروں بھائیوں نے جب اونٹ کے اوصاف گنائے تو وہ کہنے لگا - میرا اونٹ بھی ایسا ھی تھا ؛ وہ کہاں ھے ، انہوں نے کہا ھم نے دیکھا نہیں - اس آدمی کو شک ھوا کہ اگر انہوں نے دیکھا نہیں تو اس کی علامات کیسے معلوم کر لیں اس لیے وہ ان کے پیچھے ھو لیا - جب وہ افعی جرھمی کے پاس پہنچے تو اس نے کہا جب تم نے اونٹ کو دیکھا نہیں تو اس کی علامات کیونکر بتا دیں ؟ مضر نے کہا میں نے دیکھا کہ وہ اونٹ شاخ کی ایک طرف کے پتے کھاتا ھے مگر دوسری طرف ایسے ھی چھوڑ دیتا ھے - میں نے اس سے اندازہ لگایا کہ وہ ضرور یک چشمہ تھا ربیعہ نے کہا میں نے دیکھا کہ اس اونٹ کا ایک پاؤں تو زمین پر پورا لگتا ھے مگر دوسرا ناقص ھے ، تو میں نے سوچا کہ وہ ضرور لنگڑا ھوگا، ایاد بولا میں نے دیکھا کہ اس کی مینگنیاں اکٹھی پڑی ھیں اس سے میں نے اندازہ لگایا کہ وہ دم کٹا تھا - انمار نے کہا میں نے دیکھا کہ وہ اونٹ گھنے گھنے پتے کھاتا تھا اور پھر کسی اور گھنے پتوں والی ٹہنی کی طرف چلا جاتا تھا میں نے اندازہ لگایا کہ وہ اونٹ ضرور سرکش تھا - یہ سن کر افعی جرھمی نے اس شخص سے کہا جا اونٹ کہیں اور تلاش کر، پھر ان چاروں بھائیوں سے کہا کیا اس فراست کے بعد تمھیں میرے پاس آنے کی ضرورت ھے ؟

تو گویا بلاغت‌لسانی اور بدیہہ گوئی کے علاوہ عربوں کی ذھانت و فراست اور قوت حافظہ بھی کمال کی تھی - انھی اسباب نے عربوں کو شعر

و شاعری کا دلدادہ بنا دیا تھا وہ شعر کو سحر حلال کہتے تھے - ابن رشیق کا قول ہے کہ وہ ایک دوسرے کو تین چیزوں کے سوا کسی بات پر مبارکباد نہیں دیتے تھے - بیٹے کی پیدائش ، شاعر کا ظہور اور گھوڑی کے بچہ دینے پر[1] - شعر و شاعری کے اس ذوق و شوق کا ایک پہلو یہ بھی ہونا چاہیے کہ اچھے اور ردی شعر کی پہچان بھی ہو جسے ہم آج فنی اصطلاح میں ادبی تنقید کہتے ہیں - یہ مانی ہوئی بات ہے کہ اصطلاحات کسی فن کو نہ تو جنم دیتی ہیں اور نہ ہی فنی اصطلاحات کے عدم وجود سے کسی فن کے وجود کی نفی ہوتی ہے - بلکہ فن پہلے وجود میں آتا ہے اور جب وہ ابتدائی مراحل طے کر لیتا ہے تب اصطلاحات وجود میں آتی ہیں - دوسرے لفظوں میں یہ فن ہے جو اصطلاحات کو جنم دیتا ہے - موسیقی کی اصطلاحات جب موجود نہیں تھیں اور راگوں کے نام نہیں پڑے تھے تب بھی لوگ گاتے بجاتے تھے ، انجینیرنگ کے فن کا جب نام بھی نہیں تھا تو لوگ مکانات تعمیر کرتے تھے ، غرض عربوں میں نقد شعر کا رواج تھا اگرچہ اس کا نام ادبی تنقید یا نقد شعر نہیں تھا لیکن جاهلی عربوں کے تنقید شعر کے متعلق جو اقوال کتب ادب میں منتشر طور پر ملتے ہیں ان کی تفصیل میں جانے سے پہلے ان کی تاریخی حیثیت اور قدر و قیمت معلوم کر لینا مناسب ہوگا -

نقد جاهلی کی قدر و قیمت :

یہ معلوم ہے کہ لکھائی پڑھائی کا رواج عربوں میں نہ ہونے کے برابر تھا اور یہ بھی ہم جانتے ہیں کہ دنیا کی ہر زبان کی ادبی تاریخ میں شعر کی حفاظت نثر پر مقدم رہی ہے اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ نثر عقل و فکر کی ترجمانی کرتی ہے مگر شعر جذبات و عواطف کی زبان ہے ، احساسات کی عکاسی کرتا ہے اور جذبات کو برانگیختہ کرتا ہے یا اس لیے

---

(۱) العمدة جلد ۱ : ۴۹ -

کہ شعر آہنگ و موسیقی کی وجہ سے دل کی گہرائیوں میں فوراً اتر جاتا اور انسانی حافظہ میں آسانی سے محفوظ ہو جاتا ہے اور دیر تک محفوظ رہ سکتا ہے مگر انسانی حافظہ نثری عبارت کا متحمل نہیں ہوتا ۔ نثر کی طویل عبارات اپنی حفاظت کے لیے قلم اور کاغذ کی محتاج ہوتی ہیں ۔ اس لیے ابتدا میں جاہل اقوام صرف اشعار ہی محفوظ رکھ سکتی ہیں نثر کے بعض ٹکڑے اقوال و ضرب‌الامثال کی شکل میں محفوظ رہ سکتے ہیں، جن کی حیثیت شک و شبہ سے بالا تر نہیں ہو سکتی ' یہی صورت حال قدیم عربی ادب کی ہے ۔

ابن رشیق نے ایک جگہ بیان کیا ہے ۔

" و قیل ما تکلمت به‌العرب من جید اَلْمَنْثُورُ اکثر مما تکلمت به من جید الموزون فلم یحفظ من المنثور عشره ولاضاع من الموزون عشره "[1] یعنی کہا جاتا ہے کہ عربوں کے ہاں اچھی نثر اچھی نظم سے زیادہ تھی مگر نثر میں سے دس فی صدی بھی محفوظ نہ رہ سکا اور نظم میں سے دس فی صدی بھی ضائع نہ ہوا ۔

پھر ابو عمرو بن العلاء کا یہ قول بھی ہمارے سامنے ہے " ما انتهی الیکم مما قالت العرب الا اقله ولوجاء کم وافرالجاء کم علم و شعر کثیر "[2] کہ عربوں نے جو کچھ کہا اس میں سے تمہارے پاس بہت تھوڑی مقدار پہنچی ہے اگر کافی مقدار پہنچ جاتی تو تمہارے پاس علم و شعر کی ایک بہت بڑی مقدار پہنچ جاتی ۔

اسی طرح ابن سلام کا بیان بھی قابل غور ہے " سب سے پہلے جس شخص نے اشعار عرب کو جمع کیا اور (عربی شعراء کے) واقعات بیان کئے وہ حماد الراویہ تھا لیکن وہ قابل اعتبار نہ تھا وہ ایک شخص کے اشعار دوسرے سے منسوب کر دیتا تھا اور ان میں اپنی طرف سے اضافہ

---

(۱) العمدة جلد ۱ : ۸ ۔ (۲) طبقات الشعراء ۱۰ ۔

بھی کر لیتا تھا[1]"

مذکورہ مثالوں سے ہماری غرض یہ ہے کہ :

(۱) عربوں کی تنقیدی آراء (اگر کوئی ہیں) تو وہ ہم تک محفوظ طریقے سے نہیں پہنچیں، کیونکہ قدرتی طور پر یہ تنقیدی اقوال نثر میں تھے، نثر کی محفوظ حیثیت اوپر معلوم ہو چکی ہے۔

(۲) جاہلی شعر کی محفوظ حیثیت ہمیں ابن سلام کے بیان سے معلوم ہو گئی، اب جاہلی عربوں سے منسوب شدہ تنقیدی آراء یا اقوال میں جس اضافے یا کمی بیشی کا خطرہ ہو سکتا ہے وہ ظاہر ہے۔ جہاں شعراء کے قصائد میں کمی بیشی اور غلط نسبت کا یہ حال ہو وہاں ان تنقیدی اقوال کی کیا حیثیت ہو گی جن کا ذریعہ حفاظت نثر تھی نہ شعر، یہی وجہ ہے کہ ان اقوال میں بڑا اضطراب بلکہ تضاد پایا جاتا ہے۔

(۳) ہمارا مقصد چونکہ عربی تنقید کے تاریخی ارتقاء کا جائزہ پیش کرنا ہے اس لیے جاہلی عربوں کی طرف منسوب تنقیدی اقوال و آراء میں اضطراب و تضاد کا مفصل خاکہ پیش کرنے کے ساتھ ساتھ حتی المقدور صحت و ترجیح کی کوشش بھی کریں گے۔

عربی تنقید کے ارتقاء کا جائزہ لینے کے لیے جو فضلاء کرام آگے بڑھے ہیں ان میں سے اکثر نے محمد بن سلام جمحی کو اپنا نقطۂ آغاز قرار دیا ہے۔ اور غالباً یہ ہے بھی درست کیونکہ عربی ادب کی تاریخ میں ابن سلام ہی پہلا شخص ہے، جس نے ادب و تنقید کی تاریخ پر قلم اٹھایا شعراء کو زمان و مکان کے لحاظ سے مختلف طبقات میں تقسیم کیا۔ ان کے کلام پر تنقید کی اور جاہلی شاعری کی صحت کے متعلق اپنے شکوک و شبہات کا اظہار کیا۔ اس سے پہلے عربی تنقید بھی دیگر اصناف ادب کی طرح زبانی

---

(۱) طبقات الشعراء ۱۴۔

نقل و روایت کے سوا اور کوئی وجود نہیں رکھتی تھی - یہی وجہ ہے کہ عربی تنقید کے تاریخی ارتقاء کا جائزہ لینے والوں نے اسے نظر انداز کیا ہے بہرحال جاهلی عربوں سے منسوب تنقیدی اقوال جو مختلف کتب ادب میں منتشر طور پر ملتے ہیں ، ان کا ایک مختصر جائزہ پیش کیا جاتا ہے -

(۱)

اسلام سے کافی عرصہ پہلے جزیرۂ عرب میں شعر و ادب کے چرچے عام ہو گئے تھے - سیل عرم ، خانہ کعبہ ، اسواق عرب اور قریش کی رحلت صیف و شتا نے تمام لغات عرب کو قریب کر دیا تھا اور لغت قریش سب پر چھا چکی تھی - عربی شاعری نے ابتدائی مراحل سے گزر کر ایک مخصوص سمت اور مستقل فن کی شکل اختیار کر لی تھی - ادبی ذوق اب صرف مثقف و با سلیقہ گروہ تک محدود نہ رہا تھا بلکہ ملوک و رؤسا سے لے کر گنوار عربوں تک ہر طبقے میں عام ہو گیا تھا - جس طرح امراء اور بادشاہ شعراء کے کلام پر اظہار خیال کرتے تھے - اسی طرح عام بدو بھی شعر کے متعلق رائے زنی کا شوق رکھتے تھے اور کرتے تھے - شاہی درباروں میں شعراء کی قدر و منزلت ، انعام و اکرام اور شعر پر تنقید نے عرب شعراء میں اپنے کلام کی تجوید و تحلیل اور کانٹ چھانٹ کا شوق پیدا کر دیا اور ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی دوڑ شروع ہو گئی تھی - نابغہ ذبیانی ، طرفہ بن عبد ، متلمس ، علقمہ اور حسان بن ثابت وغیرہ بلند پایہ عرب شعراء حیرہ و غسان کے شاھی درباروں میں جمع ہوتے اپنا کلام پش کرتے اور انعام و اکرام سے نوازے جاتے تھے - عرب شہزادوں کا ادبی ذوق سلیم اس قابل تھا کہ وہ شعراء کے کلام پر اپنی تنقیدی آراء کا اظہار کر سکتے تھے - ایک شاعر کو دوسرے شعراء پر

فضیلت و ترجیح دیتے تھے حتیٰ کہ شعر سن کر پہچان جاتے تھے کہ یہ فلاں شاعر کا کلام ہے[1]۔

ایک مرتبہ نابغہ ذبیانی نے نعمان بن منذر کے سامنے یہ شعر پڑھا ؎

تراك الارض اما مت خفا و تحی ان حییت بها ثقیلا

(یعنی تیرے سامنے ایک ایسی سر زمین ہے کہ یا تو اس میں کوئی بوجھ محسوس کرنے سے پہلے مرجا اور اگر زندہ رہا تو اس میں تجھے بوجھل زندگی میسر آئے گی) سر زمین حیرہ میں حیات ثقیل گزارنے کا کیا مطلب ہے کیا اس سے مراد بہادری اور جفا کشی کی زندگی ہے تب تو مدح ہوئی اور اگر اس سے مراد ذلت و مصائب کی بوجھل زندگی ہے۔ تو پھر ہجو ہے اور بظاہر ہجو ہی معلوم ہوتی ہے کیونکہ نابغہ بوجھل زندگی سے پہلے ہلکی پھلکی موت کا ذکر کر رہا تھا۔ چنانچہ نعمان بن منذر نے کہا یا تو کوئی اور شعر کہو اور اس کی وضاحت کرو ورنہ یہ شعر سر زمین حیرہ کی مدح کی بجائے ہجو کا مفہوم دیتا ہے۔ نابغہ نے دوسرا شعر کہنے کی کوشش کی مگر اس موقعہ پر کامیاب نہ ہو سکا اور کہنے لگا مجھے کچھ مہلت دیجیے۔ نعمان نے کہا چلو تمھیں تین دن کی مہلت ہے۔ اس عرصہ میں یا تو دوسرا شعر کہہ کر اس شعر کے معنی کو واضح اور متعین کردو تمھیں اعلیٰ نسل کے سو اونٹ انعام میں ملیں گے ورنہ تلوار کا ایک وار، اس سے تمھیں خواہ کتنا ہی نقصان پہنچے (یعنی تلوار کے ایک وار سے یا مر جاؤ یا زندہ بچ نکلو) نابغہ وہاں سے چل کر زہیر بن ابی سلمی کے پاس پہنچا اور اسے حقیقت حال سے آگاہ کیا اور شعر بھی سنایا۔ زہیر کہنے لگا: یار یہ شعر کچھ خشک اور جنگلی سا

---

(۱) الشعر و الشعراء ابن قتیبہ، صفحہ ۷۷۔

معلوم ہوتا ہے چلو ذرا خشک جنگل کی طرف نکلتے ہیں - وہ جب چلے تو کعب بن زہیر بھی ان کے پیچھے ہو لیا اور نابغہ سے کہا : چچا جان مجھے بھی اپنے ساتھ سوار کر لیجیے - باپ نے اسے خوب ڈانٹا مگر نابغہ نے کہا : چلیے ہمارے بھتیجے کو بھی ہمارے ساتھ چلنے دیجیے نابغہ اور زہیر نے شعر کہنے کی لاکھ کوشش کی مگر مطلب حل نہ ہو سکا - کعب نے ان سے کہا : آپ یوں کیوں نہیں کہہ دیتے ؎

وذاك بان حللت العز منها فتمنع جابنیها ان یزولا

(اور وہ یوں کہ تو نے اس سر زمین کو عزت عطا کی ہے - اور اب تجھے اس کی عزت کی خاطر اس کی حدود کی حفاظت کرنی ہے)

شعر سن کر نابغہ نے کہا : رب کعبہ کی قسم اس نے تو مشکل حل کر دی - بخدا ہم تو ناکارہ ثابت ہوئے ! بھتیجے اس شعر پر میرے لیے جو انعام مقرر ہے وہ میں تجھے دیتا ہوں کعب نے کہا چچا جان آپ کے لیے کیا انعام مقرر ہوا ہے ؟ اس نے کہا عمدہ نسل کے سو اونٹ - کعب، نے کہا میں اپنے اشعار کے بدلے کوئی عطیہ قبول نہیں کیا کرتا - نابغہ نے یہ شعر نعمان کے سامنے پیش کیا اور سیاہ آنکھوں والی سو اونٹنیاں حاصل کر لیں[1]-

ابو عمرو شیبانی کوفی سے منقول ہے کہ عمرو بن حارث غسانی کے پاس علقمہ بن عبدہ اور نابغہ ذبیانی حاضر ہوئے - علقمہ نے اپنا قصیدہ سنایا جس کا مطلع یہ ہے :

طحابک قلب فی الحسان طروب بعید الشباب عصر حان مشیب

نابغہ ذبیانی نے اپنا یہ قصیدہ پیش کیا :

کلینی لھم یا امیمۃ ناصب ولیل اقاسیہ بطئی الکواکب

---

(۱) الموشح ۳۹ -

پھر حسان بن ثابت انصاری داخل ہوئے تو نابغہ شہزادے کے دائیں پہلو میں اور علقمہ بن عبدہ بائیں پہلو میں بیٹھا ہوا تھا عمرو بن حارث نے حسان سے کہا : ابن الفریعہ ! آل غسان کے ساتھ تیرا تعلق اور رشتہ نسب مجھے معلوم ہے ۔ تو واپس چلا جا میں تیرے پاس قیمتی عطیات بھیج رہا ہوں، مجھے اشعار کی ضرورت نہیں کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ یہ دو درندے، نابغہ و علقمہ، تجھے رسوا نہ کر ڈالیں اور تیری رسوائی میری رسوائی ہے پھر تو ایسے عمدہ اشعار بھی تو نہیں کہہ سکتا:

رقاق النعال طیب حجزاتهم　　یحیون بالریحان یوم السباسب

آل غسان شریف اور پاکیزہ نسب لوگ ہیں ، جنگ کے دن فتح مند ہوتے ہیں تو پھولوں کے گلدستوں سے انہیں سلامی دی جاتی ہے ۔

تحییهم بیض الولائد بینهم　　واکسیة الاضریج فوق المشاجب

یہ لوگ بڑے خوشحال ہیں، سفید رنگ والی حسین لونڈیاں ان کی خدمت کرتی ہیں اور ان کے ریشمی ملبوسات محفوظ جگہ پر لٹکائے جاتے ہیں :

یصونون اجسادا قدیما نعیمها　　بخالصة الاردان خضر المناکب

یہ لوگ اپنے خوشحال جسموں کو سفید آستینوں والے اور سبز کندھوں والے ملبوسات سے ڈھانپا کرتے ہیں :

ولایحسبون الخیر لاشر بعده　　ولایحسبون الشر ضربة لازب

یہ لوگ بڑے معتدل مزاج ہیں اور گردش دوراں سے واقف ہیں، اس لیے جب انہیں بھلائی پہنچتی ہے تو اس کے دوام پر یقین نہیں کرتے اور نہ اس پر اتراتے ہیں اور اگر وہ شر سے دو چار ہو جائیں تو ہمت نہیں ہارتے اور مایوس نہیں ہوتے کیونکہ اسے وہ دائمی چیز خیال نہیں

کرتے ۔

لیکن حسان نے پھر بھی اپنا قصیدہ سنانے پر اصرار کیا ۔ شہزادے نے کہا تو پھر اپنے ان دونوں چچاؤں' نابغہ و علقمہ ' کی اجازت پر موقوف ہے حسان نے ان سے کہا میں بادشاہ کا واسطہ دے کر تم سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے موقعہ دو' انہوں نے کہا ' اجازت ہے ' عمرو بن الحارث نے کہا : چل ابن الفریعہ سنا ' حسان نے اپنا قصیدہ پڑھنا شروع کیا جس کا مطلع یہ تھا :

أسئلت رسم الدارام لم تسأل　　بین الجوابی فالبضیع فحومل

اسی قصیدے میں وہ کہتا ہے :

للہ در عصابۃ نادمتھم　　یوما بجلق فی الزمان الاول

کتنے بھلے لوگ تھے وہ جن کے ساتھ مل کر مقام جلق میں کسی زمانے میں میں نے شراب نوشی کی تھی :

یمشون فی الحلل المضاعف نسجھا　　مشی الجمال الی الجمال البزل

یہ لوگ عاقل تجربہ کار تنومند ہیں اور دوہرے بنے ہوئے حلے پہنتے ہیں ۔ بڑے خوشحال ہیں :

الضاربون الکبش یبرق بیضہ　　ضربا یطیح لہ بنان المفصل

وہ چمکتی ہوئی زرہ پہننے والے سردار قوم پر ایسا وار کرتے ہیں کہ اس کے جسم کے جوڑ جوڑ کو الگ کر دیتے ہیں ۔ بڑے بہادر لوگ ہیں :

والخالطون فقیرھم بغنیھم　　والمنعمون علی الضعیف المرمل

وہ اپنی قوم کے محتاجوں کو دولتمندوں کے برابر کر دیتے ہیں اور کمزوروں اور بھوکوں پر اپنے انعام و اکرام کی بارش کرتے ہیں' بڑے سخی لوگ ہیں :

بغشون حتی ماتھر کلا بھم لایسئلون عن السواد المقبل

ان کے ھاں مہمان اس کثرت سے آتے ھیں کہ اب ان کے کتے بھی مہمانوں سے مانوس ھو چکے ھیں اور انہیں بھونکتے نہیں۔ رات کو آنیوالے مہمانوں کے ھجوم کے متعلق یہ نہیں پوچھتے کہ وہ کہاں سے آتے اور کون ھیں بلکہ کھلاتے جاتے ھیں :

بیض الوجوہ کریمۃ احسابھم شم الا نوف من الطراز الاول

وہ لوگ سفید چہروں والے شریف النسب ھیں اور اونچی ناکوں والے ھیں یعنی بڑے حسین اور باعزت لوگ ھیں[1]۔

عمرو بن الحارث غسانی نے حسان کا قصیدہ سن کر اسے علقمہ اور نابغہ پر فضیلت دی اور اس کے قصیدے کو ''البتارۃ'' کاٹ دینے والا کا نام دیا یعنی اس قصیدے نے دوسرے دو مدحیہ قصیدوں کو کاٹ دیا[2]۔

معلوم ھوا کہ جاھلی عرب فطری ذوق اور عام سلیقے پر مبنی تنقید کے قابل تھے۔ شعر کے الفاظ و معانی پر نظر ڈال کر اچھے اور برے میں تمیز کر سکتے تھے۔ ان میں قصائد منتخب کرنے اور ان کا مرتبہ متعین کرنے کا ذوق بھی تھا بلکہ وہ قصائد کو نام اور القاب بھی دیا کرتے تھے جیسا کہ اس روایت سے معلوم ھوا۔

معلوم ھوتا ھے کہ ادبی ذوق عام ھو چکا تھا حتی کہ غلام اور چرواھے بھی اس میں شریک ھو گئے تھے اسی طرح ادبی تنقید بھی کسی خاص گروہ تک محدود نہیں رھی تھی بلکہ عوام بھی اس میں شریک تھے۔ شعر جس طرح خواص کی محفلوں میں گایا جاتا تھا اسی طرح عوامی مجالس میں بھی گایا جاتا تھا۔ بلکہ گانا اور سر ھی عمدہ شاعری کا معیار سمجھا

۱۔ شرح دیوان حسان ، صفحہ ۳۰۷۔ ۲۔ تاریخ القصہ و النقد ، صفحہ ۱۰۷۔

جاتا تھا چنانچہ حسان بن ثابت کہتے ھیں :

تغن فی کل شعر انت قائلہ   ان الغناء لھذا الشعر مضمار

عبداللہ بن یحی سے منقول ھے کہ عرب اشعار گایا کرتے تھے اور گاتے وقت آواز کو خوب بلند کرتے تھے اور سر اور نغمگی سے اشعار کا وزن معلوم کرتے تھے۔[۱]

جاھلی عربوں نے نابغہ ذبیانی اور بشر بن ابی خازم پر تنقید کی ھے کیونکہ ان کے کلام میں اقواء تھا ۔ اقواء سے مراد ھے قصیدہ میں روی کی حرکت کا بدل جانا چنانچہ محمد بن سلام الجمحی کا قول ھے کہ طبقہ اولی کے شعراء میں سے نابغہ کے سوا کسی شاعر نے اقواء نہیں کیا اور وہ اس کے یہ اشعار ھیں :

امن آل میة رائح أو مغتد   عجلان ذا زاد اوغیر مزود

زعم البوارح ان رحلتنا غدا   و بذاک خبرنا الغراب الاسود

اور پھر کہتا ھے :

سقط النصیف ولم ترد اسقاطہ   فتناولتہ و اتقتنا بالید

بمخضب رخص کأن بنا نہ   عنم یکاد من اللطافة یعقد[۲]

(۱) کیا تو آل میہ کے ھاں سے صبح یا شام کو جلدی سازو سامان لےکر یا اس کے بغیر ھی کوچ کرے گا ۔

(۲) ھواؤں کا کہنا ھے کہ کل ھماری رحلت ھوگی اس کی ھمیں سیاہ کوے نے خبر دی ھے ۔

(۳) اس کا دوپٹہ گر پڑا حالانکہ اس نے دانستہ نہیں گرایا تھا ۔ پھر اس نے اپنے دوپٹے کو تھاما اور ھاتھ سے اپنے چہرے کو ڈھانپ لیا ۔

---

۱ ۔ الموشح ' صفحہ ۴۰ ۔   ۲ ۔ طبقات الشعراء' صفحہ ۵۵ ۔

(۴) اپنے رنگ رنگیلے ہاتھوں سے جن کی انگلیاں عناب کی مانند اور ایسی نازک تھیں کہ انہیں دوہرا کرکے گانٹھ دی جا سکتی تھی۔

محمد بن ابی قدامہ کا قول ہے کہ نابغہ ذبیانی اپنے اشعار میں اکفاء (مثل اقواء) کیا کرتا تھا جب وہ مدینہ میں اوس و خزرج کے پاس آیا اور انہیں اپنا کلام سنایا تو وہ کہنے لگے تو تو اشعار میں اکفاء کرتا ہے اس نے پوچھا وہ کیسے ؟ انہوں نے اسے سمجھانا شروع کیا مگر وہ ان کی مراد نہ سمجھ سکا تب انہوں نے کہا اچھا اپنا کلام ترنم کے ساتھ سناؤ چنانچہ اس نے خوب آواز کو لمبا کرکے ترنم کے ساتھ گایا تو اسے اپنا عیب معلوم ہو گیا ، اور کہنے لگا ، اب دوبارہ ایسا نہیں کروں گا[1]۔

نابغہ ذبیانی جب یثرب (مدینہ) گیا تو لوگ خوف کے مارے براہ راست تو اسے نہ کہہ سکے کہ تو لحن و اکفاء سے نہیں بچ سکا لیکن انہوں نے ایک ترکیب نکالی ایک مغنیہ لونڈی کو بلوایا اور کہا کہ قافیہ خوب لمبا کرنا اور آہستہ آہستہ گانا نابغہ نے جب ''مزود'' ''الاسود'' ''یعقد'' اور ''بالید'' میں زیر کو یا اور پیش کو واؤ بنتے ہوئے سنا تو چونک گیا اور غلطی کو محسوس کر لیا اور ان اشعار کے قافیے یوں بدل دیے[2]۔

''و بذاک تنعاب الغراب الا سود''

''عنم علی اغصانہ لم یعقد''

نابغہ ذبیانی کہا کرتا تھا ''وردت یثرب و فی شعری بعض العاھۃ فصدرت عنھا وانا اشعر الناس'' میں جب مدینہ میں وارد ہوا تو میرے

---

۱ ۔ ایضاً ، ۳۹ ۔

۲ ۔ الاغانی ج ۹ : ۳۳۳ الموشح ۳۹ ۔

سودا کے کچھ غیر مطبوعہ شعر

از

جناب ڈاکٹر خلیق انجم
دھلی یونیورسٹی

(شائع شدہ : یونیورسٹی اورینٹل کالج لاهور ، نومبر ۱۹٦۴ ع)

سودا کے کچھ غیر مطبوعہ شعر

ہند و پاک اور غیر ممالک کی مختلف لائبریریوں میں کلیات سودا کے بیشتر قلمی نسخے مل جاتے ہیں - اٹھارویں صدی میں شاہد انعام اللہ خاں یقین اور مرزا رفیع سودا کے کلام کی سب سے زیادہ نقلیں کی گئیں - لیکن سودا اس معاملے میں بہت بد نصیب ہیں کہ اُن کے مطبوعہ اور بعض غیر مطبوعہ کلیات میں اچھی خاصی تعداد ایسے اشعار کی بھی ہے جو الحاقی ہیں اور ابھی تک اُن کے کلیات کا کوئی صحیح نسخہ شائع نہیں ہوا - ۱۸۰۳ ع میں کلکتے سے کلیات سودا شائع ہوا تھا - چونکہ اب وہ نسخہ دستیاب نہیں ہوتا ' اس لیے نہیں کہا جا سکتا کہ اُس میں بھی الحاقی کلام شامل تھا یا نہیں - سودا کے کلیات میں قیام الدین قائم ' فتح علی شیدا ' میر سوز ' انعام اللہ خاں یقین' مہرباں خاں رند ' احسن اللہ خاں بیان ' قلندر بخش جرأت اور مجذوب کا کلام شامل ہوگیا ہے - اگر کلیات سودا کے مختلف نسخوں کی چھان بین کی جائے - تو جہاں بہت سا الحاقی کلام ملے گا - وہاں اچھی خاصی تعداد غیر مطبوعہ اشعار کی بھی ملے گی -

کلیات سودا کے قلمی نسخوں میں دو نسخے بہت معتبر ہیں - ایک تو سب سے قدیم نسخہ جو مسلم یونیورسٹی کی آزاد لائبریری کے حبیب سیکشن میں ہے - یہ تقریباً ۱۱۷۴ھ میں لکھا گیا - مگر اس میں سودا کا مکمل کلام نہیں ہے کیونکہ وہ اس نسخے کے بیس سال بعد تک زندہ رہے تھے - دوسرا نسخہ انڈیا آفس لائبریری میں ہے ' جسے سودا نے اپنی وفات سے کچھ ہی قبل اودھ کے نائب ریذیڈنٹ رچرڈ جان سن

کی خدمت میں پیش کیا تھا - محترمی قاضی عبدالودود نے ماھانہ ''صبا'' (جلد ۵ شمارہ ۱۱ ، ۱۲) میں لکھا ھے ''یہ وہ نسخہ ھے جو سودا نے رچرڈ جونس ، نائب ریذیڈنٹ اودھ کو اپنی موت کے دو چار سال قبل دیا تھا''۔ شاید قاضی صاحب قبلہ کی نظر سے وہ قطعہ تاریخ نہیں گزرا - جو سودا نے راجہ ٹکیٹ رائے کے باغ پر کہا تھا - اس شعر سے تاریخ نکلتی ھے۔؎

سر عدوے بہارش بریدم و گفتم بگلشن تو الہی گزند دے نرسد

۱۲۶۳ - ۷۰ = ۱۱۹۳ھ

یہ قطعہ نسخہ جان سن میں موجود ھے - سودا کا انتقال ۴ رجب ۱۱۹۵ عیسوی کو ھوا - اس کا مطلب ھے کہ وفات سے صرف دو سال قبل ھی یہ کلیات مرتب ھوا -

کلیات میں سب سے پہلے سودا کی ایک قلمی تصویر ھے - جس میں سودا کے ایک ھاتھ میں کاغذ ھیں - دوسرے ھاتھ سے حقہ پی رھے ھیں اور پیچھے ملازم کھڑا ھے - یہ تصویر شیخ چاند کی ''سودا'' میں بھی شامل ھے - تصویر کے بعد دو صفحے خالی ھیں - پھر ایک صفحے کے بالکل اوپر انگریزی میں یہ عبارت لکھی ھے - Richard Johnson the gift of author Mirza Sauda اس کے بعد جان سن کی شان میں قصیدہ شروع ھوتا ھے - جس کے تییس اشعار ھیں - قاضی عبدالودود نے یہ قصیدہ ''صبا'' جلد ۵ شمارہ ۱۱ ، ۱۲ میں اور امتیاز علی خاں صاحب عرشی نے اردو ادب کے کسی شمارے میں شائع کرا دیا ھے - اس صفحے سے اگلے صفحے پر یہ عبارتیں ھیں -

دیوان مرزا رفیع سودا گزرا نیدہ دیوان سرکار نواب صاحب ممتاز میر حسین صاحب در بلدۂ لکھنو ، الدولہ مفتحز الملک حسام جنگ

داخل کتب خانہ سرکار شد   مسٹر رچرڈ جانسن صاحب بہادر
دام اقبالہٗ

پہلی عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سودا نے خود نہیں بلکہ میر حسین نے پیش کیا تھا۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ سودا نے براہ راست نہیں بلکہ میر حسین کی معرفت گزرانا تھا۔ میرے اس خیال کا ثبوت جانسن کی شان میں قصیدہ اور انگریزی عبارت ہے۔

یہ کلیات سودا کا معتبر ترین نسخہ ہے۔ اس میں وہ تمام الحاق کلام نہیں ہے جو نسخۂ مصطفائی اور نسخہ آسی میں ہے۔ البتہ دو چیزیں کھٹکتی ہیں۔ ایک تو سودا کے شاگرد فتح علی شیدا نے فدوی لاہوری کی ہجو کہی تھی جو اس میں شامل ہے۔ یہ ہجو مطبوعہ نسخوں میں موجود ہے۔ مگر فرق یہ ہے کہ مطبوعہ نسخوں میں یہ شعر اس طرح ملتا ہے۔

سب پہ کرے ہے وہ طعن جتنے کہ استاد ہیں
شعر پہ میرے بھی اب ان کو یہ ایراد ہیں

نسخۂ جانسن میں اس کی بدلی ہوئی شکل ہے۔

حضرت سودا تلک جو میرے استاد ہیں
شعر پہ اون کے بھی اب ان کو یہ ایراد ہیں

اس طرح نسخۂ جانسن میں یہ مقطع بھی موجود ہے۔

بس چل اب آگے نہ کہہ کچھ انہیں شیدا خاموش
کیجیے اوس سے سخن ہووے جسے عقل و ہوش

دوسرے، مطبوعہ نسخوں میں انعام اللہ خاں یقین کی ایک غزل ''بدلا ترے ستم کا کوئی تجھ سے کیا کرے'' کے تین شعر موجود ہیں۔ وہ اشعار نسخہ جانسن میں بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ بھی اگر اس

میں کچھ الحاق کلام موجود ہے تو مجھے اس کا علم نہیں۔

میں نے نسخہ مصطفائی، آسی اور جانسن کا مقابلہ کیا تو تقریباً چھپن اشعار ایسے نکلے جو غیر مطبوعہ ہیں۔

غزلیات

(۱) سونپا ہے کیا جنوں نے گریبان کو مرے
لیتا ہے اب حساب جو یہ تار تار کا

(۲) جو کہ ظالم ہو وہ ہرگز پھولتا پھلتا نہیں
سبز ہوتے کھیت دیکھا ہے کبھو شمشیر کا

(۳) آتی ہے تجھ گلی سے پریشاں صدائے آہ
شاید کسی کا شیشۂ دل چور ہو گیا

مصطفائی اور آسی میں اسی قافیہ کا ایک اور شعر ہے۔ جو جان‌سن میں نہیں ہے۔ شعر یہ ہے:

جا ہی بھڑا تھا اس صف مژگاں سے دل مرا
پر زخم یہ اٹھائے کہ بس چور ہو گیا

(۴) کن نے دیکھا نہ تجھے یوں کہ گلی میں تیری
هاتھ اپنے وہ سرو سینہ پہ مارا نہ کیا

(۵) نو خطاں کی ہے سدا حق میں ہماری یہ دعا
کیجو یا رب تو اس آغاز کا انجام سفید

مصطفائی اور آسی میں اسی قافیے کا دوسرا شعر ہے۔ جو جان سن میں نہیں ہے۔ شعر یہ ہے:

ہے جوانی سے فزوں عشق کو پیری میں فروغ
ظلمت شب کی ہے آغاز کا انجام سفید

(٦) دل پرویا تو ہے تجھ زلف میں ہم نے لیکن
تاب گوہر کی نہ لاوے گا یہ تار آخر کار

اسی غزل میں مصطفائی اور آسی میں ایک شعر زائد ہے جو جانسن میں نہیں ہے -

آپ سے کام نہیں نشو و نما کو اپنی
شجر خشک کو آتش ہے شرار آخر کار

آسی میں دوسرا مصرع یوں ہے - شجر خشک کو آتش سے ہے کار آخر کار- جان سن میں یہ مقطع ہے -

(۷) بہار اس باغ سے رکھتی ہے کیا عزم سفر سودا
جو رخت اپنا چمن میں غنچہ نے رکھا ہے تہ تہ کر

مصطفائی اور آسی میں بھی یہ مقطع موجود ہے - مگر بہت زیادہ ترمیم کے ساتھ -

نسیم اس باغ میں سودا نہیں پاتی گزر اب تو
رکھے ہے رخت گل کو غنچہ بغچے بیچ تہ تہ کر

(۸) خط کے آنے پر بھی وہ ملتا نہیں ہو سینہ صاف
گرد سے ہوتا تو ہے یا رب ہر ایک آئینہ صاف

(۹) خوش کوئی ناداں ہوا دوراں سے تو کیا گو کہ ہو
غم سے دل محفل دبستاں کا شب آدینہ صاف

(۱۰) چشم کم سے تیرہ بختوں کی نہ دیکھ افتادگی
سایہ چڑھ جاتا ہے تابام فلک بے زینہ صاف

(۱۱) جمع زر کرنے سے اپنی سر بلندی تو نہ چاہ
لے گیا تاروں کو تا تحت الثریٰ گنجینہ صاف

(۱۲) عکس خوب و زشت جوں یکساں ہے آئینہ کے بیچ
دوست دشمن سے ہے یوں اپنا دل بے کینہ صاف

(۱۳) گو کیا ہم آپ کو دنیا کے اولجھیڑے سے پاک
گلجھڑی جو یار کی دل میں ہے وہ تو کی نہ صاف

(۱۴) شیخ کی داڑھی کو سودا اور تو کہتے ہیں پشم
مجھ کو ان کے مونہہ پہ آتا ہے نظر پشمینہ صاف

(۱۵) تار نگاہ و سوزن مژگان یار بن
اپنا جو دل پھٹے تو کسی سے رفو نہ ہو

مصطفائی اور آسی میں ''رفو'' قافیہ کا مطلع ہے جو جان سن میں نہیں ہے:

ناصح کو جیب سینے سے فرصت کبھو نہ ہو
دل یار سے پھٹے تو کسو سے رفو نہ ہو

(۱۶) کساد اتنا ہے زیر چرخ بازار محبت میں
کہ سودا جنس دل کا باز پس ہووے اگر ہووے

متفرقات غزلیات نا تمام

(۱۷) اگر دنیا میں اب یونہیں سجن رسم وفا ہوگا
تو کس امید پر کوئی کسی سے آشنا ہوگا

(۱۸) جو یہ منظور ہے تم کو میرا دل لے کے جی لینا
گیا ایک مجھ سا دنیا سے تیرے سر صدقے گیا ہوگا

(۱۹) اوس مکھڑے کے حضور کسے بھاوے آفتاب
یہ دل لگوں میں گرمی کہاں پاوے آفتاب

(۲۰) ترک خوباں کیوں کے ہو مجھ سے کہ ان کا ناصحا
رشتۂ الفت جگر میں ہے سلیمانی کی طرح

(۲۱) یہ زندگی میری وحشت کا ننگ ہے صیاد
قفس مجھے تیرے چنگل سے تنگ ہے صیاد

(۲۲) ٹک اس برس تو کر آزاد پھر سمجھ لینا
چمن میں اب کے نپٹ آب و رنگ ہے صیاد

(۲۳) شیخ ٹک چشم عشق سے کر سیر
کعبہ سے کم نہیں ہمارا دیر

(۲۴) دیوے تھا غیر کو زکواۃ حسن
میں کہا کیا ہے کہنے لا گا خیر

(۲۵) ظاهر میں دیکھنے کا کچھ اسباب هی نہیں
آوے مگر وہ خواب میں سو خواب هی نہیں

(۲۶) سجدہ کروں نہ کیوں کے تیرے تیغ کے تلے
ایسی نماز عشق کو محراب هی نہیں

(۲۷) مجھ کو نہیں ہے دل میں تیرے راہ کیا کروں
پر بے اثر ہے عشق میرا آہ کیا کروں

(۲۸) سن کر هزار شکل میرا حال یوں کہا
تو تو کسی طرح نہیں دلخواہ کیا کروں

(۲۹) جو ہے جلا جلوں کا ہے غم خوار وہ کوئی
بالیں پہ شمع رات کو میری بہت روئی

(۳۰) تیری صفائے رنگ کو پہنچا نہ ایک برگ
شبنم نے گرد عارض گل سے بہت دھوئی

مثنوی در قصہ عشق پسر شیشہ گر بزرگر پسر بطور ساقی نامہ
وسیکا جلوہ حسن زلف مہ رو اوسی کی نافۂ آھو میں ہے بو
اس شعر کے بعد جان سن میں یہ شعر زائد ہے ۔

(۳۱) کسو جا خلوت مریم کی ہو شمع
کسو جا بر سر تہمت وہ ہو جمع

وہ بارہ هیں ستونِ عرش اعظم
رہا ہے سب کچھ ان کی ذات سے تھم

اس شعر کے بعد یہ شعر زائد ہے -

(۳۲) کروں ایسے ہوں جب حامی محشر بیاد ساقی و ساغر سخن سر

قطعات

در مضحکہ مشتمل بر تاریخ

(۳۳) چشم و چراغ جن کے ملّا کٹھیر کے تھے
نابود کی خدا نے جس دن وہ قوم ساری

(۳۴) ملّا نے وہ جو دشمن تھے آل سے نبی کے
لایا تعصب اون کا سر اون کے پہ یہ خواری

(۳۵) یوں مومنوں کے دل میں حق کی طرف سے گزرا
مغز ان کا جوتیوں سے جھاڑو کہ ہیں یہ ناری

(۳۶) تب سات سات جوتی ہر ایک کے لگائی
اور مولوی عمر کو دو اگلی سب سے ماری

(۳۷) ہاتف نے بہر تاریخ اوسدم پڑھا یہ مصرع
کیا مولوی عمر کو ہوئی ہے کفش کاری

(۳۸) حسن تو پس پردہ نہانست و نہاں نیست
چوں شعلۂ فانوس عیانست و عیاں نیست

(۳۹) باسفیہاں چنیں رو کش نسازم نالہ را
ورنہ ایں از عہدہ افلاک می آید بروں

(۴۰) ہم نشیں حال دلم از گریۂ من ظاہر است
آستیں تا می تکانم خاک می آید بروں

قصیدے

در منقبت امیرالمومنین

جوہری ہوئے جو بازار سخن کا سو کہے
قدر و قیمت میں ہیں باہم یہ رقم چاروں ایک

اس شعر کے بعد یہ شعر ہے ۔

(۳۵) شیشے موتی سے نہیں کام کسو کے ان کو
ہو کے اس بات پہ کھاتے ہیں قسم چاروں ایک

قصیدہ در مدح حضرت امام ضامن ۔

کہاں سے پردۂ ظلمات بیچ جا کر خضر
شراب عمر ابد سے یہ زندگی پاتا

اس شعر کے بعد یہ شعر ہے ۔

(۳۶) شرار آب میں رہتے ہیں گوہر آتش میں
زبسکہ امن تیرے عدل نے جہاں میں کیا

قصیدہ در مدح شجاع الدولہ ۔

حافظ یہ چاہے عہدے سے اوس کے براؤں میں
پیادے کو دے کے تین روپے نو روپے سوار

اس کے بعد یہ شعر ہے ۔

(۳۷) کہتے تھے اوس کو حافظ زر دوست خلق میں
رکھتا تھا نادھندی میں ایسا وہ اشتہار

درمدح نواب آصف الدولہ ۔

وہ جو تیرے کماں کی سپر ہے کس کو اس کو اٹھانے کا مقدور

اس کے بعد یہ شعر ہے ۔

(۳۸) یاد میں جس کی تیرگی آوے کوہ نظروں میں خانۂ زنبور

قصیدہ در مدح نواب آصف الدولہ

اپنی تیری جناب میں اتنی ہی عرض ہے
کس کس کا ملتجی ہوں کہا کر تیرا غلام

اس شعر کے بعد یہ شعر ہے ۔

(٤٩) مت رکھ روا یہ مجھ پہ کہ عمال کے تئیں
تیری سلامتی میں کروں مجرہ و سلام

ہجو مساجد

عدو میرا جو ہوا دشمن ہے وہ خدا کی دشمنی کرنا تو عین ہے الحاد

اس شعر کے بعد جان سن میں سات زائد شعر ہیں ۔

(٥٠) مگر یہ کہتے ہیں اکثر تمہارے یاں کذّاب
ہوئی ہے اس لیے حضرت سے یہ حدیث ارشاد

(٥١) نکاح تازہ کی دل میں علی کی خواہش تھی
نبی نے بیٹی کی رنجش کی دیکھ یہ بنیاد

(٥٢) حدیث یہ کہی تا سن کے اس کو باز رہے
علی اس امر سے اور فاطمہ کا دل ہو شاد

(٥٣) سو یہ لکھا نہیں اوس جا لکھے جہاں یہ حدیث
پیمبر اپنے یہ بہتاں میں سمجھے ہوں گے خوار

(٥٤) کیا میں فرض جو یوں بھی بقول ان کے ہو
نبی کے حق میں جو کہتے ہیں یہ بغیر اسناد

(٥٥) خدا شعو ردے تو وہ اسی کو غور کریں
کہ جب علی کے سنانے کو ہووے یوں ارشاد

(٥٦) تو وائے ان پہ جن اشخاص سے سوائے علی
گئیں ہوں فاطمہ دنیا سے لے کے دل میں عناد

مکتب میں جو کی سیر تو یہ دیکھا تماشا
ملاں کے بھی شاگرد ھیں مرغے کے سے کچ کچ
زر ھوئے تو معشوق بھی ھاتھ آوے ھے حاتم
مفلس عبث اس فکر میں جی دہوے ھے پچ پچ[1]

زمین طرحی ۱۱۷۲ھ (قصیدہ)

کیا بیان کیجے نیرنگیٔ اوضاع جہاں
کہ بیک چشم زدن ھو گیا عالم ویراں
جن کے ھاتھی تھے سواری کو سواب ننگے پاؤں
پھریں ھیں جوتی[2] کے محتاج پڑے سر گرداں
نعمتیں جن کو میسّر تھیں ھمیشہ ھر وقت
صبح سے شام تلک قوت کو ھیں گے حیراں[3]
جن کے پوشاک سے معمور تھے توشک خانے[4]
سو ھیں پیوند کے مشتاق[5] سراپا عریاں
پرچۂ نان کے تئیں ھاتھ میں دھر[6] کھاتے ھیں
خوان الوان کہاں اور وہ کہاں دستر خواں
رتبہ شیروں کا ھوا ھے گا شغالوں کے نصیب
جاے بلبل ھے چمن بیچ غزل خواں زاغاں
وہ جو ٹُھڈّے کو ترستے تھے سو اس دور میں آج
ھوے ھیں صاحب مال و محل و فیل و نشاں

---

(۱) بچ بچ (نسخۂ رام پور)۔
(۲) روٹی (نسخہ رام پور)۔
(۳) روز پھرتے ھیں یہاں قوت کو اپنے حیراں (انتخاب حسرت، صفحہ ۳۱)۔
(۴) توشے خانے۔ (انتخاب حسرت، صفحہ ۳۱)۔
(۵) محتاج [انتخاب حسرت، صفحہ ۳۱]۔
(۶) رکھ (نسخہ رام پور)۔

اے خدا وقت کے موقع ہے کسی کا مصرع
یعنی نعمت بہ سگاں بخشی و دولت بہ خراں
پوچھتا کوئی نہیں حال کسی کا افسوس
ہے عدم دھر کی آنکھوں سے مُرّوت کا نشاں
زن و بچے سے چھپا کھاتا ہے روٹی عالم
غضب آوے جو کوئی جائے کسی کے مہماں
جس کو دیکھوں ہوں سو ہے فکر میں غلطاں پیچاں
یعنی چہ میر و چہ مرزا و چہ نواب و چہ خاں
وہ جو بے کار ہیں ان کا تو خدا ہی حافظ
وے جو ہیں نام کو نوکر انہیں تنخواہ کہاں
جہاں سنتے تھے شب و روز طنبورا ڈھولک
تہاں اب مرد ہیں مانند زناں نوحہ کناں
کان دھر بات کسی[1] کی نہیں سنتا کوئی
آنکھ سے آنکھ ملانا تو یہاں کیا امکاں
کیا زمانے کی ہوا پھر گئی سبحان اللہ
زندگانی ہوئی ہر ایک کی اب دشمن جاں
گرم ہے ظلم کا بازار خدا خیر کرے
کہیں مظلوموں کے رونے سے نہ آوے طوفاں[2]
چشم عبرت سے نظر کیجو اولی الابصارو
راست کہتا ہوں نہیں جھوٹ[3] عیاں را چہ بیاں

---

(۱) کسو (انتخاب حسرت) -
(۲) اس شعر کے بعد انتخب حسرت میں یہ شعر ہے :
خلق پر بھوکھ کے آزار کی شدت ہے کماں
اس مرض کا ہو مگر فضل خدا کا درماں
(۳) اصل نسخہ "جھوٹھ" -

غرض ہے یہ کہ کوئی کام نہ آیا میرے
آشنا تھا مرا ازبس کہ تمام ہندستان
حاتم اس بحر مرّوت[1] کی علی دیوے مراد
جس کا اس وقت ھوا ہے تو عبد الاحسان

زمین عمادالملک ۱۱۷۴ھ

طوبیٰ کو تو کہتے ھیں ہے یار بہت تحفہ
ہم کو ہے ترا سایۂ دیوار بہت تحفہ
ابرو کو ترے ظالم کہتے ھیں مبصر سب
ہے گی یہ اصیلوں میں ترروار بہت تحفہ
گلشن کی جو خواھش ہے تو دیکھ مرا سینہ
پھولا ہے یہ داغوں سے گلزار بہت تحفہ
عاشق کو کھجاتا ہے پھر چھاتی لگاتا ہے
اس شوخ ستم گر کا ہے (پیار) بہت تحفہ
ہے قول عمادالملک حاتم کے مناسب حال
''پایا ہے یہاں ہم نے غم خوار بہت تحفہ''

زمین طرحی ۱۱۷۴ھ

اگر همت سے حاتم مفلس و بے ساز و ساماں ہے
ولے مسند نشین صحبت مسند نشیناں ہے
زمین اور آسماں سب کچھ سمایا تو بھی ہے خالی
ھماری وسعت دل کے برابر کب بیاباں ہے
کبھو کیا زشت سے کیا خوب سے ملتے نہ منہ پھیرا
صفائی دیکھ کر دل کی مرے آئینہ حیراں ہے

---

(۱) محبت (انتخاب حسرت، صفحہ ۳۱)۔

پری رویان عالم ہوں مسخر جس کی خدمت میں
اگر ہے مور تو بھی وقت کا اپنے سلیماں ہے

دماغ و دل کہاں جو اس کے کوچے سے اٹھے یارو
مرا دیوانہ بیٹھا انتظار سنگ طفلاں ہے

کہاں ابرو نہیں ہم پاس اور ساون کی جھڑ لاگی
ہمارے حق میں یہ باراں نہیں ہے تیر باراں ہے

کروں سو خلعتیں قرباں میں عریانی کے جامے پر
نہ دامن کی اسے حاجت نہ محتاج گریباں ہے

ادھر دیکھا اُدھر بھولا نہ جانا کون تھا کیا تھا[1]
ہمارے لوح دل پر مثل آئینہ کے نسیاں ہے

مسیحا سے بھی منت کش نہیں ہونے کا مرتے تک
مریض عشق کب محتاج تشخیص طبیباں ہے

بہار آنے کی خبریں ہم سے کیا پوچھو ہو دیوانو
دل پُر غم کو صبح عید بھی شام غریباں ہے

خدا تجھ کو رکھے گا سرخ رو مردوں کے میداں میں
کہ تو مشہور اے حاتم غلام شاہ مرداں ہے

۱۱۷۲ھ

عشق کی خانہ خرابی کو تو کیا جانے ہے
تجھ کو ان باتوں سے کیا تیری بلا جانے ہے

ہجر میں نامہ و پیغام کی حاجت کیا ہے
دل میں غنچے کے جو ہے باد صبا جانے ہے

---

(۱) ہے (نسخہ رام پور)۔

رسم و آئین بتاں سے جو کوئی واقف ہے
بے وفائی کو تری عین وفا جانے ہے

ایسے بے فائدہ جینے سے تو مرنا بہتر
کیا کہوں مونہہ سے جو ہے دل میں خدا جانے ہے

جو ہوا دل سے تمنائے شہادت میں فنا
آبِ خنجر کو ترے آبِ بقا جانے ہے

جو ہے بیمار محبت نہیں محتاج طبیب
ہجر کے درد کو وہ اپنی دوا جانے ہے

اس قدر محو ہے حاتم تری الفت میں کہ جان
جو برا تو نے کیا اس کو بھلا جانے ہے

زمین طرحی ۱۱۷۲ھ[1]

کام آئے ہے جہاں میں کریماں کی دوستی
نے دانہ زد دنی و خسیساں کی دوستی

سو بار تار تار کیا تو بھی اب تلک
ثابت وہی ہے دست و گریباں کی دوستی

بہتر ہے اس سے دشمن دانا سے آشتی
جی کا زیاں ہے مردم ناداں کی دوستی

سارے تونگروں میں جو دیکھا تو ہے نفاق
آپس میں ہے جو کچھ تو[2] غریباں کی دوستی

حاتم کے آشنا تو بہت ہیں پر عین وقت
کام آئے ہے مراد علی خاں کی دوستی

---

(۱) نسخہ رام پور میں یہ غزل ۱۱۷۳ھ کی ہے۔
(۲) سو (نسخہ رام پور)۔

زمین طرحی ۱۱۷۳ھ

گل کی اور بلبل کی صحبت کو چمن کا شانہ ہے
سرو ہے جوں شمع تس پر فاختہ پروانہ ہے

روز و شب یا نوحہ یا زاری ہے یا آہ و فغاں
یا الٰہی یہ کوئی دل ہے کہ ماتم خانہ ہے

بلبل تصویر کے مانند صید دل کے تئیں
نے ہوا اُڑنے کی نے پروائے آب و دانہ ہے[۱]

معتکف ہو شیخ اپنے دل میں مسجد سے نکل
صاحب دل کی بغل میں دل عبادت خانہ ہے

میکشو مجھ کو تمھاری بزم کی حسرت نہیں
پاس میرے دیدہ و دل، شیشہ و پیمانہ ہے

خواب میں تھے جب تلک تھا دل میں دنیا کا خیال
کھل گئی تب آنکھ دیکھا تو سب افسانہ ہے[۲]

شعر اُستادانہ[۳] و حاتم ہے بے باکانہ وضع
طبع آزادانہ و اوقات درویشانہ ہے

طرحی ۱۱۷۳ھ[۴]

فریاد ترے کوچے میں گر بے ادبی ہے
تسکین دہ دل آہ مری نیم شبی ہے

---

(۱) اس شعر کے بعد نسخۂ رام پور میں یہ شعر ہے :
ایک حالت پر نہ دیکھا ہم نے دل کو ایک آن
گہ گل و گہ بلبل گہ شمع گہ پروانہ ہے

(۲) انتخاب حسرت (ص ۱۰) و نسخۂ رام پور میں یہ مصرع یوں ہے :
کھل گئیں آنکھیں تو دیکھا ہم نے سب افسانہ ہے

(۳) عاشقانہ (نسخۂ رام پور) ۔

(۴) نسخۂ رام پور میں یہ غزل ۱۱۷۲ھ کی ہے ۔

حاضر مرے رہنے سے تو آزردہ نہ ہونا
مطلب مرے دل کا تیری خدمت طلبی ہے

ٹک خاک سے میری تو شتابی سے گزر کر
ہے خاک ولے اس کے تلے آگ دبی ہے

رکھتا ہے عبادت کے لیے[1] حسرت جنّت
زاھد کی خدا ساتھ محبت سبی ہے

حاتم کو نہیں دغدغۂ روز قیامت
بخشندہ خدا ہے تو شفاعت کو نبیؐ ہے

زمین طرحی ۱۱۷۳ھ[2]

پھرتا ہے کدھر اے دل ناشاد کہاں ہے
دنیا میں جو چاہے تو[3] دل شاد کہاں ہے

کیا آہ کے تیشے میں لگاتا ہوں جگر پر
آ دیکھے تماشا مرا، فرھاد کہاں ہے

نالے کو رسائی نہیں ہے گوش تک اُس کے
ہے وقت مدد طاقت فریاد کہاں ہے

بخشی ہے مجھے بے پر و بالی نے اسیری
آ پہنچ شتابی مرے صیاد کہاں ہے

کس کو ہے توقع کہ ہو آزاد قفس سے
احوال اسیروں کا اُسے یاد کہاں ہے

گردن زدنی جمع ہیں اس وقت تو لیکن
وہ خوں کا پیاسا مرا جلاد کہاں ہے

---

(۱) عوض (نسخۂ رام پور)۔
(۲) نسخۂ رام پور میں یہ غزل ۱۱۷۲ھ کی ہے۔
(۳) دنیا میں تو ڈھونڈھے ... الخ (انتخاب حسرت، ص ۴۳)۔

حاتم جسے دیکھو(ں) ہوں سو بندا ہے خدا کا[1]
کہنے کو ہے آزاد پر آزاد کہاں ہے

۱۱۷۳ھ[2]

پیری میں جوانی کا سا اب ہوش کہاں ہے
پھر تازہ کرے عشق کو وہ جوش کہاں ہے
اس کے قد موزوں سے نہ دو سرو کو تشبیہہ
ہے راست پر اس کا سا برو دوش کہاں ہے
لبریز مے سرخ سے ہیں گل کے پیالے
گلشن میں وہ اس وقت قدح نوش کہاں ہے
تنہائی سے آتی نہیں دن رات مجھے نیند
یا رب مرا ہم خواب و ہم آغوش کہاں ہے
حاتم کا تو ہر مو ہے زباں وصف بتاں میں
اس دُر کو جو لے کان میں وہ گوش کہاں ہے

زمین طرحی ۱۱۷۴ھ

کیا ہم دوستی کا امتحاں سو بار دنیا میں
نہ کوئی آشنا دیکھا نہ کوئی یار دنیا میں
عدم سے منہ نہ کرتے اس طرف مقدور اگر ہوتا
ہوئے ہیں بیدماغ ہم آکے اس مردار دنیا میں
نہ ہو ایسا الٰہی دشمنوں کے بھی نصیبوں میں
کہ جیسا ہم نے کھینچا آن کر آزار دنیا میں

---

(۱) انتخاب حسرت میں یہ مصرع یوں ہے :
حاتم میں جسے دیکھوں ہوں بندا ہے خدا کا
(۲) نسخۂ رام پور ۱۱۷۲ھ۔

جدا ہوتا نہیں یک آن قرباں اس کی اُلفت کے
نہ دیکھا درد سا ہم نے کوئی غم خوار دنیا میں

جہاں معشوق ہے یارو وہاں آفت ہی بھلی ہے
نظر آیا ہے کم ہم کو گل بے خار دنیا میں

تکلف بر طرف سو سدرہ و طوبیٰ سے بہتر ہے
مرے سر پر ترا یہ[1] سایۂ دیوار دنیا میں

گدا یا شاہ کوئی ہو موافق قدر ہر یک کے
لباس و قوت و مسکن سب کو ہے درکار دنیا میں

دکان دارو خریداری ہوئی ہے سرد سودے کی
مگر اک گرم ہے تو موت کا بازار دنیا میں

پھرے ہے رات دن بیزار مفلس زندگی ستی
مزا جینے کا اُس کو ہے جو ہے زر دار دنیا میں

اگر طالع نہیں رکھ قابلیت طاق پر حاتم[2]
پھریں[3] ہیں تجھ سے بہتر اہل جوہر خوار دنیا میں

زمین طرحی ۱۱۷۴ھ

خاکساروں کا دل خزینا ہے اس زمیں میں بھی کچھ دفینا ہے
سنگ دل ٹک سنبھل کے[4] ہاتھ لگا دل نازک بھی آبگینا ہے
گر یہی دور ہے تو اے ساقی! مے نہیں ہے یہ[5] خون پینا ہے

---

(۱) یہ تیرا (مجموعہ نغز ج ۱، صفحہ ۱۸۸) -
(۲) انتخاب حسرت میں یہ مصرع یوں ہے :
جہاں کے بحر میں ہر موج ہے سیل فنا حاتم -
(۳) پڑے (انتخاب حسرت، صفحہ ۲۹) -
(۴) ادب سے - [انتخاب حسرت صفحہ ۴۲] -
(۵) مے تو معلوم - ایضاً -

دل کی لہروں کا طول و عرض نہ پوچھ کبھو دریا کبھو سفینا ہے
سینہ صافوں سے دل میں کینہ نہ رکھ زندگی میں نفاق[1] جینا ہے
کوئی تو مست ہے[2] چمن میں نسیم کہ ہو اک سرو رشک مینا ہے
اُس کے وعدے سبھی ہیں سچ حاتم دن برس ہے گھڑی مہینا ہے

زمین طرحی در ۱۱۷۴ھ

ہم بچاتے ہوئے دل جاتے تھے رستے رستے
لے گئے دل کو[3] بتاں چھین کے ہستے ہستے
نرگس آنکھوں کو تری دیکھے تھی چوری چوری
لائے یک دست قلم کر آسے دستے دستے
رات کس ساتھ تھا ہم خواب تو اے ہرجائی
چولی پہنچی جو کمر تک تری چستے چستے
اے مرے لعل تو کیا جانے دلوں کی قیمت
لگ گئے ہاتھ کہیں[4] مفت میں سستے سستے
دل کو عشاق کے ایسا کیا ویران ظالم
مدت اب چاہیے اس شہر کو بستے بستے
رہ گئی صوت جرس قافلہ پہنچا منزل
ہم تغافل سے رہے محمل ہی کستے کستے
زلف صیاد نے تقصیر نہ کی تھی حاتم
بچ گیا طائر دل دام میں پھستے پھستے

---

(۱) زندگی بے نفاق...الخ (نسخہ رام پور)۔
(۲) ہو (انتخاب حسرت)۔
(۳) مل کے (انتخاب حسرت صفحہ ۱۵ و نسخہ رام پور)۔
(۴) ترے (مجموعہ نغز صفحہ ۱۹۳)۔

زمین طرحی ۱۱۷۴ھ

کب ترے لب کے مقابل ہو عقیق یمنی
جس نے یک حرف میں کی لعل کی قیمت شکنی
دل کو کوچے کی ترے خاک نشینی ہے شرف
بنی آدم کو ہے مرتے تلک حبّ وطنی
نیزہ بازوں میں تو یکتا ہیں نگاہیں لیکن
ترے ابرو کے اوپر ختم ہے شمشیر زنی
ق: ایک دن ایک تونگر نے کیا مجھ سے سوال
بس کہ اپنے تئیں جانے تھا وہ دنیا میں غنی
یعنی بے ہودہ ہوا کیوں تو فقیر اے حاتم
کچھ نہیں جان لیے اس فقر میں حاصل شدنی
در جواب اس کے پڑھا میں[1] نے یہ شعر فائق
کہ سن اس رمز کو اے غافل ناداں و دنی
''(نسبت) فقر و فنا بس کہ بہم نزدیک است
نیست یک رشتۂ جدائی ز کفن تا کفنی''

زمین طرحی ۱۱۷۶ھ

دیکھنا اس کی تجلی کا جسے منظور ہے
سنگ ریزہ بھی نظر میں اس کی کوہ طور ہے
ہم سے ہم چشمی اناالحق کو کہاں مقدور ہے
اشک ہر یک دار مژگاں پر مرے منصور ہے
نحن واقرب کی نہیں ہے رمز سے تو آشنا
ورنہ وہ نزدیک ہے تو آپ اس سے دور ہے

---

(۱) ہم (نسخہ رام پور)۔

ہجر کی شب کو اگر کاٹے تو پھر ہے روز وصل
نیش کے پردے میں دیکھا نوش بھی مستور ہے

کیا ہوا واعظ کرے ہے شور جوں طبل تہی
وہ سر بے مغز گویا کاسۂ طنبور ہے

آج ہمیں اور ہی نظر آتا ہے کچھ صحبت کا رنگ
بزم ہے مخمور اور ساقی نشے میں چور ہے

روز و شب رہتا ہے تری یاد میں عاشق کا دل
گو مقصر ہے تری خدمت سے گو معذور ہے

آرزو ہے رات اندھیری میں کہ آوے ماہ رو
جس کے آگے روشنائی شمع کی بے نور ہے

خاکساروں کو کبھو لاتا نہیں خاطر میں وہ
حسن کی دولت پر اپنے اس قدر مغرور ہے

عشق ہے دارالشفا اور درد ہے اس کا طبیب[1]
جو نہیں اس مرض کا طالب سدا رنجور ہے

اب تلک حاتم سے تو واقف نہیں افسوس یار
شاعری کے فن میں وہ آفاق میں مشہور ہے

زمین طرحی در ۱۱۷۶ھ

ہمارے حق میں تو صد فتنہ و بلا تو ہے
زہے نصیب میاں جس کا آشنا تو ہے

مرا جہاں میں اذیت رساں نہیں کوئی
جو امتحاں کیا یا یہ دل ہے یا تو ہے

ہمارے طوف کو دیر و حرم بہانہ جان
جدھر گزار کریں دل کا مدعا تو ہے

---

(۱) عشق ہے دارالشفا اور درد اس کا ہے طبیب (نسخہ رام پور)۔

مریض عشق ہوں طالب نہیں مسیحا کا[1]
تو منہ دکھا کہ مرے درد کی دوا تو ہے

مہوسی کی ہوس خواب میں نہیں کہ ہمیں
تری نگاہ ہے اکسیر[2] و کیمیا تو ہے

شگفتہ غنچے کو کرتی ہے گو[3] چمن میں نسیم
ہو جس سے غنچۂ دل وا سو وہ صبا تو ہے

بتاں کا حسن تو ہے جلوہ گر ازل سے ولے
اے جان حسن جہاں موجد ادا تو ہے

ترے دماغ سے سب پر عیاں ہے شوکت حسن
تمام شہر کے خوباں میں میرزا تو ہے

نہ کوئی ہے نہ کوئی تھا نہ کوئی پھر ہوگا
اے زیب آئینہ جس درجہ خود نما تو ہے

صنم نظر میں تو حاتم کی سر سے تا بقدم
ظہور جلوۂ حق مظہر خدا تو ہے

زمین طرحی در ۱۱۴۶ھ[4]

(ترے) پابوس کو آتا ہوں ہر دم ہر قدم سر سے
کہ ہے آرام مرے درد سر کو تیری ٹھوکر سے

ترے در پر ہجوم خلق سے شور قیامت ہے
تماشا ہے[5] کہ سن کر اب تلک نکلے ہے تو گھر سے

نہیں معلوم یا رب کس کی کم بختی ہے مجلس میں
نظر کچھ بے طرح آتا ہے مجھ کو اس کے تیور سے

---

(۱) سے۔ (انتخاب حسرت، صفحہ ۴۴)۔ (۲) اصل نسخہ میں: "اکثیر"
(۳) گو — ایضاً — (۴) ۱۱۸۹ھ (نسخہ رام پور، حاشیے پر)۔
(۵) تعجب ہے کہ ... الخ (نسخہ رام پور)

زمین طرحی ۱۱۷۷ھ

دورا ہے جب سے بزم میں تیری شراب کا
بازار گرم ہے مرے دل کے کباب کا

خوباں کو کس طرح سے لگا لے ہے بات میں
بندا ہوں اپنی طبع ظرافت مآب کا

جو نامہ بر گیا نہ پھرا ایک اب تلک
اے دل تو انتظار عبث ہے جواب کا

حسرت یہ ہے کہ رات کو آوے وہ ماہ رو
دولت سے اس کی دید کروں ماهتاب کا

الطاف میں بھی اس کے اذیت ہے سو طرح
لاؤں کہاں سے حوصلہ اس کے عتاب کا

رخسار کے عرق کا ترے بھاؤ دیکھ کر
پانی کے مول نرخ ہوا ہے گلاب کا

حاتم یہی ہمیشہ زمانے کی چال ہے
شکوا بجا نہیں ہے تجھے انقلاب کا

زمین طرحی ۱۱۷۷ھ

گلشن میں جا کے وصف لب یار کیجیے
غنچے کے تئیں کھجا کے بہت خوار کیجیے

(طالع) کی گر مدد ہو تو جا اپنا بود و باش
خوباں کے زیر سایۂ دیوار کیجیے

اُس حسن کے نمک کی ملاحت کا شور ہے
ملنے میں اُس کے سیر نمکسار کیجیے

گردن اوپر مرے سر پرشور بوجھ ہے
ابرو کو ٹک ڈھلا کے سبکسار کیجیے
دن رات کے کھجوڑ کہاں تک اٹھا سکیں
ہم دل جلوں کو اتنا نہ بے زار کیجیے
حاتم جہاں میں جس کی ملاحت کی دھوم ہے
یوسف کو لا کے اس کا خریدار کیجیے

زمین طرحی ۱۱۷۷ھ

نے گدا سے کچھ غرض مجھ کو نہ مطلب شاہ سے
کام ہے گا دم بہ دم اپنے مجھے اللہ سے
شمع و مشعل سے اگر ہوتا ہے تاباں قصر شاہ
کلبۂ درویش ہے روشن چراغ ماہ سے
جس طرح خورشید کی ہووے نظر سے سنگ لعل
اس طرح دل فیض پاتا ہے دل آگاہ سے
کہربا کا سا بھی گر جذبہ نہ ہو معشوق میں
طے مسافت راہ کی تو کب ہو برگ کاہ سے
تھا زلیخا میں کمال عشق سے (شوق رسا)
بیٹھے گھر اپنی طرف یوسف کو کھینچا چاہ سے
(بے طریقت) گو نہیں کھلتا حقیقت کا مقام
پھر کہاں پہنچے ہے منزل جو پھرا ہو راہ سے
عاقبت ناداں اپنے ہاتھ ہوتا ہے خراب
فرق جس کو کچھ نہ ہو بد خواہ و دولت خواہ سے
ایک دم کے بیچ ہو جاویں کئی لشکر تباہ
شاہ جو لیوے نہ اپنی کچھ خبر نگاہ سے

تیر و نیزے سے سپاہی کر نہیں سکتا وہ کام
ہم کیا ہے سنگ میں سوراخ اپنی آہ سے

خبر کہتے ہیں اُسے مردوں میں لونڈی کا غلام
چھوڑ کر بی‌بی کرے جو آشنائی داہ سے

اپنے حاتم کو خسیسوں کا نہ کر محتاج تو
یا الٰہی کر نہال اپنی اُسے درگاہ سے

طرحی ۱۱۷۸ھ[1]

(فرمائش عبداللہ خاں پسر علی محمد خاں)

تو جو کہتا ہے بولتا کیا ہے (ق) امر ربّی ہے روح مولا ہے
جب تلک ہے جدا تو ہے قطرہ بحر میں مل گیا تو دریا ہے
فی الحقیقت کوئی نہیں مرتا موت حکمت کا ایک پردا ہے
اور شریعت کی پوچھتا ہے جو یار (ق) وحدہ لا شریک یکتا ہے
ہے گا وہم و قیاس سے باہر وہ نہ مجھ سا ہے اور نہ تجھ سا ہے
جہاں ہو، جو کہو، سمیع و بصیر سب کو دیکھے ہے سب کی سنتا ہے
نظر آتا نہیں وہ اعمی کو ورنہ اس کا ظہور سب جا ہے
ور طریقت کا تو کرے ہے سوال (ق) سو تو کہتا ہوں گر سمجھتا ہے
غیر حق کے نہ دیکھ غیر طرف دیدۂ دل جو تیرا بینا ہے
بات سنتا ہے تو اُسی کی سن گر طریقت سے تجھ کو بہرا ہے
اُس کے تو ذکر بن نہ کر کچھ ذکر گر دھاں میں زبان گویا ہے
ہاتھ سے کام بھی اُسی کا کر پاؤں سے چل جو راہ اس کا ہے
کام اس میں بڑا ہے نفس کشی ہو سکے تو عجب تماشا ہے
معرفت کیا ہے پوچھ عارف سے (ق) جس کو عرفاں ہے سو تو گونگا ہے

---

(۱) نسخۂ رام پور ۱۱۷۵ھ -

جس نے پایا اُسے سو ہے خاموش | جس نے پایا نہیں سو بکتا ہے
آپ ہی آپ ہے جہاں دیکھو | کُلِّ شئیً محیط پیدا ہے
عشق کا مرتبہ ہے سب سے بلند | سر سے پہلے قدم گزرنا ہے
جو ہوا سرِّ عشق سے آگاہ | آگے مرنے سے آپ مرتا ہے
جو فنا ہو ہوا بقا با اللہ | کب اُسے زندگی کی پروا ہے
اُس کو ہر آن ہر قدم ہر دم | از ثریٰ سیر تا ثریا ہے
رسرِ توحید کو سمجھ کر بول | گر تو صاحب شعور و دانا ہے

وہ نہ سمجھے گا یہ سخن حاتم
جس کو جہل اور خیال سودا ہے

زمین طرحی ۱۱۷۸ھ[۱]

تو ہم سے جس طرح مل جانتا ہے
زباں سے کیا کہیں دل جانتا ہے
چھپاتا کیا ہے منہ کب تک چھپے گا
تجھے سب شہر قاتل جانتا ہے
جو پاتا ہے تڑپھنے میں مزا[۲] دل
وہ لذت صید بسمل جانتا ہے
نظر آ جائے ہے مجنوں کو جو کوہ
اُسے لیلیٰ کا محمل جانتا ہے
مرے کیوں کر نہ تجھ غم میں کہ عاشق[۳]
یہی جینے کا حاصل جانتا ہے

---

(۱) نسخۂ رام پور ۱۱۸۷ھ۔
(۲) مزے۔ (انتخاب حسرت صفحہ ۳۵)۔
(۳) مرے کیوں کہ نہ تیرے غم میں عاشق — ایضاً —

سواد خال کے نقطے کی خوبی
جو عاشق ہے سو تل تل جانتا ہے
اُسی میں ہے کشود کار حاتم
جسے تو سخت مشکل جانتا ہے

زمین طرحی در ۱۱۶۹ھ[1]

جس کو دیکھا سو یہاں دشمن جاں ہے اپنا
دل کو جانے تھے ہم اپنا سو کہاں ہے اپنا
قصۂ مجنوں و فرہاد بھی ایک پردا ہے
جو فسانا ہے یہاں شرح و بیاں ہے اپنا
وصف کہنے میں ترے حسن کے شرمندا ہوں
اس کے قابل نہ زباں ہے نہ دہاں ہے اپنا
جس کو جانا ہو بھلا اُس کو برا کیا کہیے
گو کہ بدوضع ہے پر اب تو میاں ہے اپنا

زمین طرحی در ۱۱۶۹ھ

کروں دل کھول کر سیر بیاباں
جو فرصت دے کوئی دم مجھ کو دوراں
قیامت تک جدا ہووے نہ یا رب
جنوں کے دست[2] سے میرا گریباں
خیال زلف محبوباں نے اس رات
کیا مجھ جمع خاطر کو پریشاں

---

(۱) نسخۂ رام پور ۱۱۷۰ھ ' انتخاب حسرت ۱۱۶۹ھ -
(۲) ہاتھ (مجموعہ نغز' ص ۱۸۸) -

ھمارے اشک خوں آلودہ سے آج
ھوئی ھے آستیں رشک گُلستاں

ھمیں تو رنج و راحت شادی و غم
تصور میں ترے گزرے ھے یکساں

ھے لازم تجھ کو میری پاس خاطر
کہ ھوں اس بزم میں یک دم کا مہماں

وھی ھو گا جواں مردی میں نامی
کسی پر جو کرے اس وقت احسان

تجھے مرھوں کیا احساں سے حاتم
ھے فیاض زماں یعقوب علی خاں

زمین طرحی ۱۱۷۹ھ

گرم بازاری تری یاروں سے ھے　　جنس کی قیمت خریداروں سے ھے
کون اٹھاوے نازجب تک ھم نہ ھوں　　غمزہ تیرا ناز برداروں سے ھے
شغل میرا روز و شب تجھ شوق[1] میں　　سر پٹکتا گھر کی دیواروں سے ھے
اس کی اے صیاد خاطر ھے ضرور　　طائر دل[2] نو گرفتاروں سے ھے
دشت گردی کا نہیں کچھ مجھ کو باک　　کفش میخی پاؤں میں خاروں سے ھے
دل ھو ویران، ھوں نہ گر[3] برجا حواس　　بندوبست ملک سرداروں سے ھے
نام سن حاتم کا فرمایا کہ شاں　　وہ بھی اپنے کفش بر داروں سے ھے

زمین طرحی ۱۱۷۹ھ[4]

ھر شاخ گل اس آن یہاں لال پری[5] ھے
یا ھاتھ میں گلشن کے یہ پھولوں کی چھڑی ھے

---

(۱) ھجر۔　　(۲) صید تیرا [انتخاب حسرت صفحہ ۴۴]۔
(۳) گر نہ ھوں (نسخۂ رام پور)۔
(۴) انتخاب حسرت و نسخۂ رام پور ۱۱۷۸ھ۔　(۵) متن میں "پڑی"۔

اس ابر میں ساقی سے شبنم یہ ھوا ۔
کس کے لیے اب گل کے کٹوروں میں بھری ھے

تم صحن چمن میں لب جو سرو نہ جانو
شاید کسی عاشق کی یہ آہ سحری ھے

دھوتی ھے عبث داغ کو لالہ کے تو شبنم
زنہار نہ جاوے گا یہ داغ جگری ھے

آتی ھے صدائے جرس غنچہ بہ ھر سو
اس فصل گویا قافلۂ گل سفری ھے

اے آہ فغاں پر مری کرتا ھے تبسم
اس درجہ مرے نالے میں اب بے اثری ھے

آتی ھے بہار آج لیے عیش کا سامان
حاتم ھو مبارک یہ تجھے خوش خبری ھے

زمین طرحی ۱۱۶۹ھ

تمہارے عشق میں ھم ننگ و نام بھول گئے
جہاں میں[1] کام تھے جتنے تمام بھول گئے

نمازیوں[2] نے تجھ ابرو کو دیکھ مسجد میں
بسمت قبلہ سجود و قیام بھول گئے

یہ وضع کیا ھے کہ ھوتے نہیں ھو دست بہ سر
ابھی سے اپنوں کا لینا سلام بھول گئے

گئے تھے زعم[3] میں اپنے پر اس کو دیکھتے ھی
جو دل نے ھم سے کہے تھے پیام بھول گئے

---

(۱) کے (انتخاب حسرت صحفہ ۵۱) ۔
(۲) مصلیوں (نسخہ رام پور) ۔
(۳) اصل نسخہ اور نسخہ رام پور دونوں میں "ضعم" ۔

تری طرف ہوئی صورت گران چین کی نگاہ
قلم کو ہاتھ سے رکھ اپنا کام بھول گئے
بتان چرب زبان سن کے خوبیٔ گفتار
ادب میں دب گئے حسن کلام بھول گئے
تری اے سرو رواں دیکھ کر انوکھی چال
جو خوش خرام تھے اپنا خرام بھول گئے
تری یہ زلف گرہ گیر دیکھ کر صیاد
شکار آپ ہوے صید و دام بھول گئے
بڑا غضب ہے کہ حاتم کو تم نہ پہچانا
وہی[1] قدیم تمہارا غلام بھول گئے

زمین طرحی در ۱۱۸۰ھ

ہم بھی اس پیری میں اک راحت جاں رکھتے ہیں
شغل میں اس کے[2] دل اپنے کو جواں رکھتے ہیں
بہت دشنام دئیے اب تو بھلا چپ رہیے
کب تلک سنتے رہیں ہم بھی زباں رکھتے ہیں
مر گئے، خاک ہوے، خاک بھی برباد گئی
تو بھی جینے میں مرے شوخ گماں رکھتے ہیں
تیری خاطر تو ہمیں جاں سے زیادہ ہے عزیز
ہم تو کوچے میں ترے (پاس سگاں) رکھتے ہیں
دل ہمارا ہے کہ تجھ تیغ سے ہے سینہ سپر
بو الہوس یہ جگر و گردہ کہاں رکھتے ہیں

---

(۱) وہ ہے (نسخۂ رام پور)
(۲) شغل اس کے سے ... الخ (مجموعہ نغز صفحہ ۱۸۸) -

محتسب (گو تو) برا مان خدا بخشے گا
دختر رز کے اوپر تاک تو ہاں رکھتے ہیں

ہم ملاقات کے محتاج نہیں تا دم مرگ
زخم دل داغ جگر تیرا نشاں رکھتے ہیں[1]

مختلف قافیہ سے اور غزل میں حاتم
اپنے احوال کا ہم شرح و بیاں رکھتے ہیں

ایضاً

گر بتاں شیوۂ خود جور و جفا رکھتے ہیں
ہم بھی بالعکس سر مہر و وفا رکھتے ہیں

فاش کیجے تو (بڑا) باعث رسوائی ہے
اس سبب عشق کو ہم دل میں چھپا رکھتے ہیں

اُن کی نظروں میں ہے تجھ چشم کی سب کیفیت
جو کہ خوش چشموں کے ملنے کا نشا رکھتے ہیں

بزم میں اُن کی نہیں شرم سے آئنہ کو رو
بے غبار اپنے جو کوئی دل کو[2] صفا رکھتے ہیں

جس طرح دل میں میاں تو ہے تیری دولت سے
دل میں ہر ایک کے ہم اپنی بھی جا رکھتے ہیں

دل و دیں لے کے ملاتے نہیں آنکھیں ظالم
نہیں معلوم کہ[3] اب داعیہ کیا رکھتے ہیں

ہم ہوئے اُن کے پر حاتم وہ ہمارے نہ ہوئے
گو ہمارے وہ نہ ہوں ہم بھی خدا رکھتے ہیں

---

(۱) نسخۂ رام پور میں اس کے بعد یہ شعر ہے :
کعبۂ دل کی خرابی کو مرے مدت سے — خدا آباد رکھے عزم بتاں رکھتے ہیں
(۲) میں (نسخہ رام پور)۔ (۳) یہ (انتخاب حسرت ' صفحہ ۳۴)۔

زمین طرحی در ۱۱۸۰ھ

چاند سے نسبت جو دے تجھ کو[1] سو بے انصاف ہے
چاند کے منہ پر ہیں جھائیں تیرا مکھڑا صاف ہے
قد ترا ہے سرو، آنکھیں نرگس اور رخسار گل
حسن کا دریا و سینے سے لگا تا ناف ہے
بھوں کماں، پلکیں تری تیر اور نگاہیں برچھیاں
لب ہیں جوں یاقوت اور باتوں میں تو حراف ہے
خون عاشق نے لیا ہے گھیر تجھ کو جان من
گرد دامن کے ترے یا سرخ یہ سنجاف ہے
اوڑھنی نیچے تری کیا ناگ نے اگلا ہے من
یا یہ جوٹی میں چمکتا تاش کا موباف ہے
دل سے ہے حاتم[2] تری بانکی اداؤں کا غلام
بھولنا مت بندگی اس کی اگر اشراف ہے

زمین طرحی در ۱۱۸۰ھ

عشق کے شہر کی کچھ آب و ہوا اور ہی ہے
اس کے صحرا کو[3] جو دیکھا تو فضا اور ہی ہے
تجھ سے کچھ کام نہیں دور ہو آگے سے نسیم
وا کرے غنچۂ دل کو وہ صبا[4] اور ہی ہے
نبض پر میری عبث ہاتھ تو رکھتا ہے[5] طبیب
یہ مرض اور ہے اور اس کی دوا اور ہی ہے[6]

---

(۱) چاند سے تجھ کو جو دے نسبت...الخ (نسخۂ رام پور)
(۲) دل سے ہے حاتم ہے الخ .. (انتخاب حسرت ، صفحہ ۴۳)۔
(۳) میں ۔ (۴) صدا [انتخاب حسرت ، صفحہ ۴۵] ۔
(۵) ...ہاتھ کو رکھے ہے طبیب (نسخۂ رام پور) ۔
(۶) یہ مرض اور ہے کچھ اور دوا اور ہی ہے (انتخاب حسرت) ۔

گل تو گلشن میں ہزاروں نظر آئے لیکن
اس کے چہرے کو جو دیکھا تو صفا اور ہی ہے
زھدو ورد وظائف سے نہیں حاصل کار
جس کو ہو حسن اجابت وہ دعا اور ہی ہے
اے جرس ہرزہ درا ہو نہ تو اتنا چپ رہ
پہنچے پس ماندہ بمنزل[1] وہ صدا اور ہی ہے
محتسب ہم سے عبث کینہ رکھے ہے حاتم
جو نشا ہم نے پیا ہے وہ نشا اور ہی ہے

زمین طرحی ۱۱۸۰ھ

ہے ایک سا وہ برگ و ثمر میں ہمیشہ سے
تصویر کے درخت کو کیا خوف تیشہ سے
تیروں سے اب جگر تو نیستان ہو گیا
دل ہاتھ جوڑتا ہے میرا شیر بیشہ سے

زمین طرحی ۱۱۸۰ھ

کبھو جو اس کی طرف پاؤں تو[2] دراز کرے
تو اپنے بخت پر عاشق ہزار ناز کرے
صنم کے دیکھے جو محراب ابرواں زاھد
طرف وہ قبلہ کے[3] کافر ہو گر نماز کرے
عجب سماں[4] ہو جو آپس میں عاشق و معشوق
ادھر وہ ناز کرے یہ ادھر نیاز کرے

---

(۱) بمنزل (انتخاب حسرت) ۔
(۲) وہ ۔ (نسخۂ رام پور)
(۳) بسمت قبلہ وہ...الخ ۔ ۔ایضاً۔
(۴) سما (انتخاب حسرت و نسخۂ رام پور) ۔

مرے مزار کے اوپر اگر رکھے[1] وہ قدم
تو مشت خاک کو ممتاز[2] و سرفراز کرے

بڑا ستم ہو جو صیاد موسم گل میں
اے عندلیب قفس کا وہ در نہ باز کرے

جو اپنے کام کو سونپے خدا کو تو حاتم
تو سب سے خوب ترا کام کارساز کرے[3]

زمین طرحی در ۱۱۸۱ھ

ایک مدت سے طلب گار[4] ہوں کن کا ان کا
تشنۂ حسرت دیدار ہوں کن کا ان کا

جان کو بیچ کے یہ نقد دل اب لایا ہوں
سب سے پہلے میں خریدار ہوں کن کا ان کا

امتداد اس مرے آزار کا مت پوچھ طبیب
روز میثاق سے بیمار[5] ہوں کن کا ان کا

مخلصی قید سے مشکل ہے مجھے تا دم مرگ
دام الفت میں گرفتار ہوں کن کا ان کا

بود و باش اپنا بتاؤں میں تمھیں کیا یارو
ساکن سایۂ دیوار ہوں کن کا ان کا

---

(۱) رکھے اگر وہ قدم (نسخۂ رام پور) -

(۲) ...سرسبز و سرفراز کرے (انتخاب حسرت ' صفحہ ۴۸) -

(۳) نسخۂ رام پور میں یہ شعر یوں ہے :

تیرا ہو خوب سر انجام کار اے حاتم جو تیرے کام کو اصلاح کارساز کرے

(۴) دل افگار - (انتخاب حسرت' ص ۵)

(۵) روز میثاق تلک زار ..الخ (انتخاب حسرت ' صفحہ ۵) -

ہے بجا فخر کروں اپنے اگر طالع پر
کفش برداروں (کا)[1] سردار ہوں کن کا ان کا[2]

تو سزاوار سزا کس کا ہوا اے[3] حاتم
کچھ نہ پوچھو[4] میں گنہگار ہوں کن کا ان کا

طرحی در ۱۱۸۱ھ

یہاں حصول بجز جوش اور خروش نہیں
یہ جائے نیش ہے اس جا اُمید نوش نہیں

کہاں دماغ کہاں تک زباں کو دوں تکلیف
کہ اہل بزم میں شنوا کسو کے گوش نہیں

لباس فقر کا سامان پردہ پوشی ہے
تو خرقہ پوش نہیں ہے جو عیب پوش نہیں

نشے کے آن میں مجلس میں تم نے کی ہے نگاہ
ہنوز تب سے پیارے کسو میں ہوش نہیں

نہیں صلے کی طمع مجھ کو اہل دولت سے
میں سر فروش ہوں حاتم سخن فروش نہیں

زمین طرحی در ۱۱۸۱ھ

باغ میں تم جو کار فرما ہو تو خزاں میں بہار پیدا ہو
مطرب ہو عندلیب و ساقی ابر گل پیالا ہو غنچہ مینا ہو

---

(۱) اصل نسخے میں "کا" کی بجائے "میں" بعد میں اصلاح کی گئی ہے - تحریر کسی اور کی ہے -

(۲) اس کے بعد نسخۂ رام پور میں یہ شعر ہے :

گالیاں تجھ کو جو دیتے ہیں یہ حاتم ہیں کون
کچھ نہ پوچھو میں گنہگار ہوں کن کا ان کا

(۳) ہے (انتخاب حسرت و نسخۂ رام پور) (۴) صاحب من ..الخ (نسخہ رام پور)

سب مہیا ہو عیش کا اسباب   تم جو مجلس میں رونق افزا ہو
جس طرف لطف سے نگاہ کرو   اُس طرف اور ہی تماشا ہو[1]

یہ فقیروں کی ہے دعا حاتم
محسن الملک ہوئے دنیا ہو

زمین طرحی ۱۱۸۱ھ[2]

اس جنگ جو سے ایسا موافق زمانہ ہے
بندوق تک بھی اس کی جو دیکھا خزانہ ہے
دیکھے ہے کیا مرے دل صد چاک کی طرف
مشاطہ زلف یار نہ محتاج شانہ ہے
آتا ہے خواب اس کو مرا سن کے درد دل
بے درد کے خیال میں یہ بھی فسانہ ہے
بارش رہے ہے تیر ملامت کی روز و شب
ناصح کے ہاتھ سے دل عاشق نشانہ ہے
اس درجہ مغ بچوں کے تصور کا ہے ہجوم
حاتم کا دل ہے یا یہ خرابات خانہ ہے

زمین طرحی شوق ۱۱۸۱ھ

خاطر میں تو لاتا نہیں تُو چاہ کسی کی
ظالم تجھے لگ جائے کہیں آہ کسی کی[3]

---

(۱) انتخاب حسرت، صفحہ ۳۹، میں یہ شعر یوں ہے :
ٹک ادھر لطف سے نگاہ کرو   دیکھ لو پھر تو کیا تماشا ہو
(۲) انتخاب حسرت ۱۱۸۳ھ، نسخہ رام پور ۱۱۸۱ھ -
(۳) نسخۂ رام پور میں اس کے بعد یہ شعر ہے :
عاشق تو تیرے ہجر میں مرتے ہیں ہزاروں
گو دل میں نہ ہووے تجھے پرواہ کسی کی

یک بار تو قاتل مرے مشہد سے گزر کر
تا جانے کوئی ہے یہاں درگاہ کسی کی

کہتے ہیں سبھی مہر بتاں خوب نہیں ہے
سنتا ہے کہاں یہ دل بد خواہ کسی کی

پابوس کی حسرت میں یہ دل خاک ہوا ہے
جانے ہے کہ اس کوچے میں ہے راہ کسی کی

ہر قدم میں دیوانوں کا دھڑکے ہے کلیجا
اس دشت میں شاید ہے کمیں گاہ کسی کی

حاتم کی تمنا ہے کہ ایسا تو سماوے
جاگہہ نہ رہے دل میں پھر اللہ کسی کی

زمین ولی در ۱۱۸۲ھ[1]

آتا ہے جب سوار ہوا وہ کشار بند
عاشق کے سر کو اُس کا تکے ہے شکار بند

چاہوں کہ درد دل میں کہوں اس کے روبرو
ہو جائے ہے زباں مری بے اختیار بند

ہر بند کی گرہ سے[2] مرے دل میں ہے گرہ
وا ہو گرہ جو کھول دے جامے کے[3] یار بند

اتنے تو خوں تو نے کیے ہیں کہ خوں بہا
چلنے سے ہو گئی ترے تیغے کی دھار بند

چاہے تو زلف کا تری سلک گہر کی طرح
سو عاشقوں کے دل کو کرے ایک تار بند

---

(۱) نسخۂ رام پور ۱۱۸۴ھ، صفحہ ۳۰۱ پر حاشیے کے شعر سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ سن درست ہے یا کم از کم بعد میں اس میں کچھ اضافہ کیا گیا ہے۔
(۲) میں (نسخہ رام پور) (۳) کا (انتخاب حسرت، صفحہ ۱۴)

آساں نہیں ہے عشق سے کشتی اے بوالہوس
ہیں عاشقی کے فن میں تو ناداں ہزار بند[1]

ناصح تری تو بات میں آتی ہے منہ سے بو
بخرے(؟) تو اپنی فصد کھلا جا کے چار بند

دنیا تو ہے عجوزہ و بہتوں کی ہے جھٹیل
کب مرد کھولتے ہیں اس اوپر ازار بند

حاتم اُلٹ پلٹ سے زمانے کے غم نہ کھا
ہوتا نہیں جہاں کا کبھو کاروبار بند

زمین طرحی در ۱۱۸۲ھ

ماہ رو ہو صبح دم جب آفتاب آئینہ
عکس سے اُس کے دو چند ہو آب و تاب آئینہ

اُس پری کی بزم میں شاید ہوا تھا باریاب
تب تو عالم میں ہے[2] روشن دل خطاب آئینہ

رات کو دیکھا تھا ہم نے خواب میں آئینہ رو
اُس کا منہ دکھلائے گا تعبیر خواب آئینہ

سینہ صافوں کے کہاں وہ ہو سکے ہے روبرو
زنگ کا پردا ہے دل اوپر حجاب آئینہ

کل جو حاتم ہم نے کی آئینہ خانے میں نگاہ
تھا مقابل آئینہ باہم جواب آئینہ

---

(۱) نسخۂ رام پور میں اس کے بعد یہ شعر ہے :
دلی میں آنے ایسے قدم سے جہاں پناہ عالم کا سب طرح سے ہوا روزگار بند
اس شعر میں شاہ عالم ثانی کی طرف اشارہ ہے جو دس بارہ سال دیار شرق میں رہنے کے بعد یکم شوال ۱۱۸۵ھ (۶ جنوری ۱۷۷۲ع) کو اپنے دارالسلطنت میں واپس آئے تھے۔

(۲) تب تو بخشا اس نے ...الخ (نسخۂ رام پور)۔

زمین طرحی در ۱۱۸۲ھ

ہر سحر اٹھتے ہی کرتا ہے طلب آئینہ
لیے پھرتے ہیں تبھی ہاتھ میں سب آئینہ

گھر سے نکلے جو کبھو سیر کے تئیں وہ بت چیں
ہر قدم فرش کروں تابہ حلب آئینہ

نقش صورت کا پری رو کا رہے ہے شب و روز
دل بھی ہے صاف ضمیروں کا عجب آئینہ

ہے حسب اس کا تو ظاہر ولے پہنچاوے ہے
اپنی یک پشت بہ سیماب نسب آئینہ

صبح سے شام تک اک دم نہیں ہوتا ہے جدا
اس کے زانو سے ہے گستاخ غضب آئینہ

عکس عارض سے وہ ہو جائے ہے صد رشک چمن
روبرو آئے ہے اُس شوخ کے جب آئینہ

سامنے اس کے تفاوت سے رہے ہے حاضر
کس مؤدب[1] سے یہ سیکھا ہے ادب آئینہ

اپنی چھب تختی جو دیکھے تو کرے کیوں نہ گھمنڈ
خود نمائی کا ہے خوباں کی سبب آئینہ

وہ ہے پر زنگ یہ ہے صاف نظر کر حاتم
ہو سکے دل کے برابر مرے کب آئینہ

۱۱۸۲ھ

کہیو زباں سے بات سمجھ کر جو ہوش ہے
دیوار کے بھی ہم نے سنا ہے کہ گوش ہے

(۱) اصل نسخے میں "مأدب"۔

دنیا کی چال ہم کو انوکھی نظر پڑی
دیکھا تو ہر قدم میں یہاں نیش و نوش ہے
میری برھنگی کا سبب ہم سے[1] کچھ نہ پوچھ
دستار و جامے تک گرو مے فروش ہے
مانند زلف کے تری، عاشق تمام عمر
جوں شام تیرہ بخت ہے، خانہ بدوش ہے
درپے ہے عیب جو ترے، حاتم تو غم نہ کھا
دشمن ہے عیب جو تو خدا عیب پوش ہے

زمین طرحی در ۱۱۸۲ھ

اے مرے دل کے خریدار کہاں جاتا ہے
عشق کے گرمیٔ بازار کہاں جاتا ہے
کوئی بھی ڈھنگ[2] مروت کا ہے تجھ میں ظالم
چھوڑ کر ہم[3] کو تو بیمار کہاں جاتا ہے
ایک بھی ہاتھ سے تیرے نہ بچا ہے[4] قاتل
پھر لیے ہاتھ میں تروار کہاں جاتا ہے
خلق بدنام کرے گی تجھے، میں ڈرتا ہوں
نیم شب کو اے مرے یار کہاں جاتا ہے

زمین طرحی در ۱۱۸۳ھ

دور کر دل سے عُجب (و) کبر و غرور حال شیطاں کا دیکھ گر ہے شعور

---

(۱) میری برھنگی کا سبب شیخ...الخ (نسخۂ رام پور)۔
(۲) رسم ۔ —ایضاً—
(۳) مجھ ۔ —ایضاً—
(۴) اے ۔ —ایضاً—

نحن و اقرب تو راست ہے لیکن وہ ہے نزدیک تجھ سے تو ہے دور
چشم باطن کے تیرے اَعمی ہیں ورنہ ظاہر ہے وہ نہیں مستور
من عرف نفسہ کی رمز کو بوجھ آپ کو جاننا تجھے ہے ضرور
شش جہت جس طرف نگاہ کرے سب طرف ہے یہاں اُسی کا ظہور
عشق اور حسن کی تجلّی دیکھ کہیں وہ نار ہے کہیں ہے نور
غیر حق تکیہ غیر پر کرنا
حاتم ہے عقل کا تری یہ قصور

زمین انعام اللہ خاں یقین ۱۱۸۳ھ[1]

دل میں یوں ہے تجھ[2] خیال چشم کے آنے میں دھوم
مچ رہی ہے جس طرح مستوں سے میخانے میں دھوم
تم نہ بولو گو کہ عاشق آپ کو ضائع کریں
جاں من ہوگی تمہارے منہ سے فرمانے میں دھوم
ایک تو فتنہ اٹھاوے تھی ترے کا کل[3] کی بو
تس اوپر ہوگی قیامت عطر ملوانے میں دھوم[4]
گل گریباں چاک اور غنچے ہوے ہیں غرق خوں
باغ میں ڈالی ہے تو نے پان کے کھانے میں دھوم[5]
اُس کی ہمت سے تو جی دینا تجھ اوپر کیا ہے دور
ہوئے گی پر شہر میں حاتم کے مر جانے میں دھوم

---

(۱) انتخاب حسرت میں یہ غزل ۱۱۵۳ھ کی ہے' صفحہ ۲۵ -
(۲) اس (انتخاب حسرت' ص ۲۵) -
(۳) تیری جوئی کی بو - —ایضاً—
(۴) اور بھی ہوگی قیامت عطر لگوانے میں دھوم —ایضاً—
(۵) کیا بلا ڈالی ہے تم نے جان پان کھانے میں دھوم —ایضاً—

زمین طرحی در ۱۱۸۳ھ

وہ روز عید ہے جس شب کہ ہو جانانہ پہلو میں
میں ہم آغوش ہوں جوں شمع کے پروانہ پہلو میں
کماں ابرو ترے ترکش کے قرباں ہوں کہ دستوں کے
لگایا تیر ایسا دل کے تا پر خانہ (؟) پہلو میں
میں مانع ہوں تجھے ملنے کا اپنے آشناؤں سے
یہ کیا (امکاں) کوئی بیٹھے ترے بیگانہ پہلو میں
کسو مکارہ مشاطہ نے اس کو سر چڑھایا ہے
کہ یوں گستاخ تری زلف کے ہے (شانہ) پہلو میں
خمار آلودہ ہے مجلس تنک ظرفی نہ کر ساقی
دھرا کب تک رکھے گا شیشہ و پیمانہ پہلو میں
بغل میں دل جنوں میں غرق ہے سودائے طفلاں سے
عجب صحبت ہے جو عاقل کے ہو دیوانہ پہلو میں
خدا رزاق ہے گھر بیٹھے حاتم رزق پہنچے ہے
قفس میں دیکھ ہے طائر کے آب و دانہ پہلو میں

زمین طرحی ۱۱۸۴ھ[1]

آگے کیا تم سا جہاں میں کوئی محبوب نہ تھا
کیا تمہیں خوب بنے اور کوئی خوب نہ تھا
ان دنوں ہم سے جو وحشی کی طرح بھڑکو ہو
یہ تو ملنے کا تمہارے کبھو اسلوب نہ تھا
نامہ بر دل کی تسلّی کے لیے بھیجوں ہوں
ورنہ احوال مرا قابل مکتوب نہ تھا

---

(۱) نسخہ رام پور ۱۱۸۲ھ انتخاب حسرت ۱۱۸۱ھ -

طاقت اب طاق ہوئی تاب[1] و شکیبائی کی
کب تلک صبر کرے دل مرا ایوّب نہ تھا
غلبۂ عشق نے حاتم کو پچھاڑا آخر
زور میں اپنے وہ اتنا بھی تو مغلوب نہ تھا

در ۱۱۸۴ھ

ہے اب کی فصل ہر اک باغ میں بہار کا جوش
شمیم گل سے ہے باد نسیم عطر فروش
یہ سیر بلبل و قمری تمہیں مبارک ہو
کہ شاخ گل ہیں ہم آغوش و سرو ہیں ہم دوش
عجب طرح کی ہے گلشن میں آج گفت و شنید
کلی زباں کی صورت ہے گل ہے صورت گوش

زمین طرحی (۵)۱۱۸[2]ھ

کس طرح سے دن کٹتا اور کس طرح سے رات کی
بے خبر کچھ ہے خبر تجھ کو مرے اوقات کی
اس جھمکّے سے تو آیا رات کو اے رشک ماہ
روشنائی شمع کی جلوے نے تیرے مات کی
چشم و مژگاں کی صفت لکھنے میں تیرے خوش نگہ
نیزۂ مژگاں قلم اور مردمک دوات کی
کیا کیا ایسا جو تیرے ساتھ کے کھاتے ہیں بل
راہ میں جاتے ہوئے جو تجھ سے اک دو بات کی

---

(۱) صبر (نسخہ رام پور ' انتخاب حسرت صفحہ ٦) ۔
(۲) سن کا پہلا ہندسہ کرم خوردہ ہے ' اندازاً یہاں ۵ لکھا ہے ۔

ابر میں تیرا تصور آگیا تھا دل میں جان
اس قدر روئے کہ بے موسم میں ہم برسات کی

ہم سفر کرتے ہیں کیا احسان ہو گر انگشتری
نام کو اپنی نشانی دو جو اپنے ہات کی

ایک مچّی[1] مانگتا ہے تم سے حاتم سا گدا
جانیو راہ خدا میں یہ بھی اک خیرات کی

زمین طرحی[2] ۱۱۸۵ھ[3]

ایذا دھندہ[4] شوخ ستم گار رہ گئے
دلدار اٹھ گئے بہ[5] دل آزار رہ گئے

خوش حال وہ کہ جن کو ہوئی رخصت چمن
ہم جھانکتے رخنۂ دیوار رہ گئے

ہر تار زلف میں ہیں گرفتار صد ہزار
عالم ہوا تمام و کئی تار رہ گئے

ایسے لگاؤ کام ہمارا تمام ہو
یہ کچھ نہیں کہ کھینچ کے تروار رہ گئے

کہتے ہو امتحان میں نہ ٹھہرا کوئی یہاں
گو سب گئے پہ ہم تو طلب گار[6] رہ گئے

گل چیں کے ہاتھ سے نہ رہی رونق چمن
گل نام کو نہیں ہے[7] خس و خار رہ گئے

---

(۱) بوسہ (انتخاب حسرت ص۵۰)- (۲) زمین مرزا رفیع سودا (نسخۂ رام پور)-
(۳) ۱۱۵۵ھ (انتخاب حسرت، ص ۵۱) -
(۴) ایذا دھندہ (انتخاب حسرت، ص ۵۱) -
(۵) و (انتخاب حسرت ' صفحہ ۵۱) -
(۶) ۔ ہم تو سدا خوار رہ گئے (نسخۂ رام پور)-
(۷) گل نام کو رہا نہ ..الخ (نسخۂ رام پور) -

سودا میں حاتم ایسی ہے غلطاں تمام خلق
یاروں کی پوچھنے سے خبر یار رہ گئے

زمین طرحی ۱۱۸۵ھ

سب مخالف جب کنارے ہو گئے ہم میں اور اس میں اشارے ہو گئے
آئے، اور بیٹھے نہ کچھ شکوا نہیں یہ غنیمت ہے کہ بارے ہو گئے
جب چڑھ آئی رو برو فوج جنوں ہم بھی سنمکھ ہو اتارے ہو گئے
ھجر نے اس کے جلایا اس قدر داغ سینے پر انگارے ہو گئے
جانتے تھے اپنے ہم[1] ہوش و حواس یک نگہ میں سب تمہارے ہو گئے
چشم تو تیغے تھے آگے ھی میاں سرمہ دینے سے دو دھارے ہو گئے
کان کے موتی تری زلفوں میں رات خلق کی نظروں میں تارے ہو گئے
جب ہوئے حاتم ہم اس سے آشنا
دوست بھی دشمن ہمارے ہو گئے

۱۱۸۶ھ

اس دور کے اثر کا جو پوچھو بیاں نہیں
ہے کون سی زمیں کہ جہاں آسماں نہیں
اس درجہ دلبروں سے گئی رسم دلبری
دل ھاتھ پر لیے ہوں کوئی دلستاں نہیں
افسردہ دل تھا اب تو ہوا غم سے مردہ دل
جیتا ہوں دیکھنے میں ولے مجھ میں جاں نہیں
آداب صحبتوں کا کوئی ہم سے سیکھ لے
پر کیا کریں کہ طالب صحبت یہاں نہیں

---

(۱) ھیں (انتخاب حسرت، صفحہ ۵۰ و نسخۂ رام پور)۔

دل جل کے بجھ گیا ہے کسی نے نہ لی خبر
ہم سوختہ دلوں کا کوئی قدر داں نہیں

ہے کل کی بات سب کے دلوں میں عزیز تھا
